پیارے ناموں کا انسائیکلوپیڈیا

انگلش اسپیلنگ کے ساتھ

محمد الیاس عادل

Asif

وَلَا تَنَابَزُوا بِالْاَلْقَابِ (القرآن)

اور تم کسی کو بُرے القاب (ناموں) سے نہ پکارو

پیارے ناموں کا انسائیکلوپیڈیا

انگریزی اسپیلنگ کے ساتھ

محمد الیاس عادل — مرتبین — اعظم شیخ

پبلشر

مشتاق بُک کارنر الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

نام کتاب	:	پیارے ناموں کا انسائیکلو پیڈیا
مرتبہ	:	الیاس عادل اعظم شیخ
اہتمام	:	مشتاق احمد
کمپوزنگ	:	اقبال اعتبار فراز کمپوزنگ سنٹر لاہور
پرنٹرز	:	اسلم عصمت پرنٹرز لاہور
پروف خوانی	:	امان اللہ نیر شوکت
قیمت		225 روپے
مجلد	:	250 روپے

انتساب!

نوزائیدہ بچوں کے نام!

ابتدائیہ

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے:

''مومنو! کوئی قوم کسی قوم سے تمسخر نہ کرے، ممکن ہے کہ وہ لوگ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں سے (تمسخر کریں)، ممکن ہے کہ وہ ان سے اچھی ہوں اور اپنے (مومن بھائی) کو عیب نہ لگاؤ اور نہ ایک دوسرے کا برا نام رکھو، ایمان لانے کے بعد برا نام (رکھنا) گناہ ہے اور جو توبہ نہ کریں وہ ظالم ہیں''

(پ۲۶ع۱۴)

اکثر یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ جب کسی کے ہاں بچی یا بچہ کی پیدائش ہوتی ہے تو پھر اس کے نام رکھنے کا مرحلہ پیش آتا ہے بہت سے نام تجویز کئے جاتے ہیں اور پھر اپنی مرضی کے مطابق کوئی اچھا سا نام رکھ دیا جاتا ہے۔ بعض اوقات کوئی ایسا نام تجویز کیا جاتا ہے جس کے معنی معلوم نہیں ہوتے اور پھر یہ بھی علم نہیں ہوتا کہ جو نام تجویز کیا گیا ہے وہ شرعی اعتبار سے درست ہے یا نہیں بعض نام ایسے ہیں جو معنی کے لحاظ سے کسی طرح بھی انسانوں پر صادق نہیں آتے، اس طرح کے نام رکھنے سے بعد میں بہت سی قباحتیں پیدا ہو جاتی ہیں اور کئی دفعہ شرمندگی کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ بچوں کا نام رکھتے ہوئے ناموں کے معنی و مطالب خوب اچھی طرح معلوم ہوں۔

کتاب ہذا کو ترتیب دینے کا مقصد بھی یہی ہے کہ چونکہ اس طرح کی صورت حال ہر گھر میں پیش آتی ہے اس لئے ہر ایک کے لئے اس ضمن میں آسانی و سہولت ہو جائے۔ کتاب ہذا سے استفادہ کرتے ہوئے ہر کوئی اپنے بچے کا پیارا سا اسلامی نام تجویز کرنے میں کوئی دقت محسوس نہ کرے اور اسے فرحت و انبساط حاصل ہو۔ کتاب میں بعض ایسے ناموں کو بھی شامل کر دیا گیا ہے جو آج کل بکثرت رائج ہیں مگر وہ معنی کے اعتبار سے کسی طرح بھی شرعی تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہیں تاہم ان کی شمولیت کا

مقصد صرف یہ ہے کہ ہر کوئی اس سے آگاہ ہو سکے اور ناموں کے معاملے میں احتیاط سے کام لے۔
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اچھے ناموں کو پسند فرماتے تھے اور برے نام کو تبدیل فرما دیا کرتے تھے۔ چنانچہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے۔ آپ فرماتی ہیں کہ:

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم برے نام کو (اچھے نام سے) بدل دیتے تھے"

(ترمذی شریف)

احادیث مبارکہ میں ایسی بہت سی مثالیں ملتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناپسندیدہ نام کو بدل کر کوئی اچھا سا نام رکھ دیا' مثلاً ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ

"سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک بیٹی کا نام عاصیہ تھا۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام (بدل کر) جمیلہ رکھ دیا"

(مسلم شریف)

اسی طرح ایک اور حدیث پاک میں سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے' وہ فرماتے ہیں کہ:

"جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام برہ تھا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نام بدل کر جویریہ رکھا (اور یہ بات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ناپسند تھی کہ یوں کہا جائے برہ کے پاس سے چلے گئے' یعنی ہمارے پاس جو بھلائی تھی وہ چلی گئی)"

(مسلم شریف)

سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے عاصی' غریر' عتلہ' شیطان' حکم' غراب اور حباب جیسے نام تبدیل فرما دیئے' احرام کا نام بدل کر زرعہ رکھا' عاصیہ کا نام جمیلہ اور برہ کا زینب رکھا۔

(سنن ابوداؤد)

بغیر سوچے سمجھے بچے کا نام رکھ لینا بعض اوقات بچے کی شخصیت پر اچھا اثر نہیں ڈالتا' نام اچھا اور اسلامی ہونا چاہیے تاکہ بچہ جب بڑا ہو تو اُسے اپنے نام پر فخر محسوس ہو' کوشش کرنی چاہیے کہ اپنے بچوں کے نام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مبارکہ' صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور اسلامی تاریخ کے نامور ہیروز کے نام پر رکھے جائیں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کے ساتھ عبد کا لفظ لگا کر'

یعنی عبداللہ، عبدالرحمان، عبدالرحیم، عبدالصمد وغیرہ جیسے نام رکھنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند ہے بلکہ آپ نے اس بات کی ترغیب دلائی ہے کہ اپنے بچوں کے نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن وغیرہ رکھا کرو۔ بچیوں کے نام بھی عظیم اسلامی خواتین (امہات المؤمنین اور صحابیات وغیرہ) کے نام پر رکھنے چاہئیں تا کہ بچوں کو اپنے اسلاف کی تاریخ اور کارناموں سے کماحقہ طور پر آگاہی ہو سکے۔

میں نے اسلامی ناموں کے اس انسائیکلوپیڈیا کو ترتیب دیتے ہوئے اس بات کو خاص طور پر مدنظر رکھا ہے کہ جہاں بھی اسلامی دنیا کی کسی باکمال شخصیت کا نام ملا میں نے اس کو اس میں لکھ دیا ہے۔ تا کہ معانی کے ساتھ ساتھ مختصر طور پر اس شخصیت کو اجاگر بھی کیا جا سکے۔ اس کتاب کو دیکھنے سے نہ صرف بچوں اور بچیوں کے ناموں کے معانی و مطالب معلوم ہوتے ہیں بلکہ مشہور اسلامی شخصیات کے بارے میں چیدہ چیدہ معلومات بھی حاصل ہو جاتی ہے اور علم میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہر گھر کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کتاب کو ترتیب دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے میری دعا ہے کہ وہ ہم سب کو اپنے نیک بندوں کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین

محمد الیاس عادل

اولاد کی نعمت

نیک اور صالح اولاد اللہ تعالیٰ کی نعمت ہوتی ہے ان کی پیدائش پر خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے' اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا جاتا ہے اور بچے کی صحت اور درازی عمر کی دعائیں مانگی جاتی ہیں۔ اولاد ایسی نعمت ہے کہ انبیاء اور رسولوں نے بھی اس کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں دعائیں کی ہیں' مثلاً زکریا علیہ السلام نے اولاد کی نعمت حاصل کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں دعا کی جو بارگاہ الٰہی میں قبول ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو یحییٰ (علیہ السلام) عطا فرمایا زکریا علیہ السلام کی یہ دعا قرآن حکیم کی سورۂ آل عمران آیت ۳۸ میں مذکور ہوئی ہے:

رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ ۝

ترجمہ:۔ پروردگار! اپنی قدرت سے مجھے صالح اولاد عطا فرما بے شک تو ہی دعا سننے والا ہے"

اولاد چاہے لڑکا ہو یا لڑکی یہ اللہ تعالیٰ کی نعمت ہوتی ہے' لڑکی کی پیدائش پر مغموم ہونا اس کی اسلام میں سختی سے ممانعت ہے اولاد کی پیدائش پر خوشی اور مسرت کا اظہار کرنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کرنی چاہیے کہ وہ نومولود کو صحت اور ایمان کی دولت سے سرفراز کرے لڑکیوں کو زحمت نہیں بلکہ رحمت سمجھنا چاہیے اس لئے کہ ایک حدیث پاک میں لڑکیوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے کے لئے جنت کی بشارت دی گئی ہے' سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جس نے دو لڑکیوں کو پالا یہاں تک کہ وہ جوان ہو گئیں تو وہ اور میں قیامت کے دن اس طرح ساتھ ساتھ آئیں گے اور آپ نے اپنی دو انگلیوں کو اٹھا کر ساتھ ملایا"۔

(بخاری۔ مسلم)

ایک اور حدیث پاک میں آتا ہے کہ سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جس نے تین بیٹیوں یا تین بہنوں کو یا دو بہنوں یا دو بیٹیوں کی پرورش کی اور ان کے ساتھ نیک برتاؤ کیا اس شخص کے لئے جنت ہے"

(ترمذی شریف)

بچیوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے کو اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ سے بچا لیتا ہے اور اپنے فضل وکرم سے اسے جنت کی راحتیں عطا فرماتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جس کو اللہ تعالیٰ نے بیٹیاں عطا کی ہوں اگر وہ ان کے ساتھ احسان کرے تو وہ دوزخ کی آگ سے اس کے لئے روک ہو جائیں گی"

(مسلم شریف)

بچیوں کی اچھی پرورش کرنا زیادہ اجر وثواب کا باعث ہے اس لئے بچہ ہو یا بچی دونوں کی پیدائش پر یکساں خوشی کا اظہار کرنا چاہیے اس سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور اپنے فضل وکرم سے نوازتا ہے۔ اولاد یقیناً اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے مگر افسوس کہ انسانوں میں آج بھی بعض لوگ ایسے ہیں جو اولاد کی نعمت کو حاصل نہیں کرنا چاہتے اور اس کے لئے نت نئے حربوں سے کام لیتے ہیں انسان کا اس ڈر سے اپنی اولاد کو پیدائش سے پہلے ہی ضائع کر دینا کہ اگر یہ دنیا میں آ گیا تو اس کی روزی کا سامان اسے کرنا پڑے گا' نہایت بے وقوفی اور نا سمجھی ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"اور اپنی اولاد کو فقر وفاقے کے ڈر سے قتل نہ کرو ہم ان کو بھی رزق دیں گے اور ہم ہی تمہیں بھی رزق دے رہے ہیں' بے شک اولاد کا قتل کرنا بہت بڑا گناہ ہے"

(بنی اسرائیل)

قرآن پاک ہی میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"اے نبی فرما دیجئے! آؤ میں تم کو پڑھ کر سناؤں کہ تمہارے پروردگار نے تم پر کیا حرام کیا ہے' اللہ تعالیٰ کا کسی کو شریک نہ بناؤ اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنا' اور مفلسی کے ڈر سے اپنے بچوں کو نہ مار ڈالو ہم تم کو اور ان کو' دونوں کو روزی دیتے ہیں۔"

(الانعام۔۱۹)

ان آیات مبارکہ سے بخوبی طور پر معلوم ہو جاتا ہے کہ اولاد تھوڑی ہو یا زیادہ اللہ تعالیٰ کی نعمت ہوتی ہے' اللہ تعالیٰ ہی اس کے اور ہم سب کے روزی کے اسباب پیدا فرماتا ہے' وہی ہر ایک کا روزی رساں ہے' اس لئے اس ڈر سے اپنی اولاد کو پیدائش سے پہلے ہی مار ڈالنا کہ وہ ہمارے رزق میں سے کھائے گی بہت بڑا گناہ ہے اور اس کی سخت وعید ہے۔

ایک اور حدیث مبارکہ جو سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی سے مروی ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جس کی لڑکی ہو اور وہ اسے زندہ درگور نہ کرے اور اس کی توہین نہ کرے اور بیٹوں کو اس پر ترجیح نہ دے (تو) اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل فرمائے گا"

(ابوداؤد)

بچے کی پیدائش کے فوری بعد اس کے کان میں اذان دینے کی بڑی حکمت ہے چونکہ شیطان لعین انسان کا ازلی دشمن ہے اور ہمہ وقت اس کوشش میں رہتا ہے کہ انسان کے قلب و دماغ پر قبضہ جمائے' چنانچہ جب بچے کے کان میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا پیغام پہنچایا جاتا ہے تو اس کو سنتے ہی وہاں سے راہ فرار اختیار کر جاتا ہے۔

بچے کی پیدائش کے بعد اس کی خوراک کا انتظام اللہ تعالیٰ نے ایسا فرما دیا ہوا ہے کہ جس کی کوئی مثال نہیں' ماں کا دودھ بچے کی بہترین غذا ہوتا ہے' اللہ تعالیٰ نے بھی ماں کا دودھ بچے کو پلانے کا حکم قرآن پاک میں فرمایا ہے چاہیے کہ ماں بچے کو ایک مقررہ مدت تک اپنا دودھ پلائے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے۔

"اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دو برس دودھ پلائیں' یہ مدت اس کے لئے ہے جو چاہے کہ رضاعت کی مدت پوری کرے اور لڑکے والے (باپ) پر ان دودھ پلانے والی ماؤں کا کھانا اور کپڑا دستور کے مطابق واجب ہے"

(البقرہ ۳۰)

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

"جس شخص کے تین بیٹے پیدا ہوں اور وہ ان میں سے کسی کا نام بھی محمد نہ رکھے تو

وہ بالیقین (ایمان وعشق) کے تقاضے سے جاہل ہے“

(طبرانی)

حضرت ابووہب جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہترین نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن اور زیادہ سچے نام حارث اور ہمام ہیں اور بدترین نام حرب اور مرہ ہیں“

(ابوداؤد شریف)

اچھا اور پیارا اسلامی نام رکھنے کے بعد بچے کے عقیقہ کی طرف توجہ کرنی چاہیے' مسنون طریقہ یہ ہے کہ ساتویں دن عقیقہ کرنا چاہیے اگر لڑکا ہے تو اس کی طرف سے دو بکرے اور اگر لڑکی ہے تو پھر اس کی طرف سے ایک بکرا ذبح کیجئے' اس کے ساتھ ہی بچے کا سر بھی منڈا دیا جائے اگر کسی وجہ سے لڑکے کی طرف سے دو بکرے ذبح کر سکنے کی استطاعت نہ ہو تو پھر ایک بکرا بھی ذبح کیا جا سکتا ہے' جیسا کہ سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن حسین رضی اللہ تعالیٰ کا عقیقہ ایک ایک مینڈھے سے کیا۔

(ابوداؤد شریف)

جب بچہ اس قابل ہو جائے کہ وہ بولنے لگے تو سب سے پہلے اس کو کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ سکھاؤ، اپنی اولاد کی اچھی پرورش کرنا ماں باپ کا فریضہ ہے، جیسا کہ ایوب بن موسیٰ رضی اللہ عنہ اپنے والد اور اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”اولاد کے لیے باپ کا کوئی عطیہ اچھی تربیت سے بہتر نہیں ہے“

(مشکوٰۃ شریف)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

”اپنی اولاد کی عزت کرو اور انہیں اچھے آداب سکھاؤ“

(ابن ماجہ)

بڑوں کا فرض ہے کہ وہ بچوں کے ساتھ شفقت اور نرمی کا رویہ رکھیں ان کے ساتھ پیار و محبت سے پیش آئیں۔

اولاد کی اچھی اور اسلامی طریقوں کے مطابق تربیت کرنا والدین کے لیے دین و دنیا میں بے شمار فوائد و برکات کا باعث بنتا ہے۔ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

"جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے' لیکن تین قسم کے اعمال ایسے ہیں کہ ان کا اجر و ثواب مرنے کے بعد بھی ملتا رہتا ہے' ایک یہ کہ وہ صدقہ جاریہ کر جائے' دوسرا یہ کہ وہ ایسا علم چھوڑ جائے جس سے لوگ فائدہ اٹھائیں اور تیسرا نیک اولاد جو باپ کے لیے دعا کرتی رہے۔

(مسلم شریف)

جب بچے کی عمر سات برس کی ہو جائے تو بچے کو نماز سکھانی چاہیے اور نماز پڑھنے کی تلقین کرنی چاہیے سیدنا عمرو بن شعیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے باپ اور دادا سے روایت کرتے ہیں کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جب تمہارے بچے سات سال کے ہو جائیں تو ان کو نماز پڑھنے کا حکم دو اور جب دس سال کے ہو جائیں تو ان کو مار کر نماز پڑھاؤ اور ان کے سونے کی جگہیں (بستر) علیحدہ کرو۔"

(ابوداؤد شریف)

لڑکا ہو یا لڑکی دونوں اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں' حدیث پاک میں آتا ہے کہ جب کسی کے ہاں لڑکی کی ولادت ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہاں فرشتوں کو بھیجتا ہے جو آ کر کہتے ہیں اے گھر والو! تم پر سلامتی ہو وہ لڑکی کو اپنے پروں کے سائے میں لے لیتے ہیں اور اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہتے ہیں' یہ کمزور جان ہے جو ایک کمزور جان سے پیدا ہوئی ہے۔جو اس بچی کی نگرانی اور پرورش کرے گا تو اللہ تعالیٰ کی مدد قیامت تک اس کے ساتھ رہے گی۔" (طبرانی)

حصہ اوّل

بچوں کے نام

ا	اردو
ت	ترکی
س	سنسکرت
ع	عربی
عبر	عبرانی
ف	فارسی
لا	لاطینی
ٹ	ٹیوٹانی
اطا	اطالوی
ک	کلٹی
ر	روسی
یو	یونانی
ہ	ہندی

آ

آبدار	Abdar	ف	چمکیلا۔ پانی جیسی چمک۔ شفاف۔ صاف۔ نفیس
آبان	Aban	ع	فرشتے کا نام۔ فارسی کا آٹھواں مہینہ جس میں آفتاب برج عقرب میں رہتا ہے
آباد	Abad	ف	پُر رونق۔ خوش و خرم۔ سرسبز و شاداب۔ پھلا پھولا۔ پُرمسرت
آبص	Abis	ع	پُرمسرت ہونا۔ خوش و خرم ہونا۔ شاداں و فرحاں ہونا
آثر	Asir	ع	مصمم ارادہ کرنا۔ بلند مرتبہ۔ بلند و بالا۔ اونچا آسمان
آجر	Ajir	ع	اُجرت دینے والا۔ کام پر لگانے والا
آخون	Akhoon	ف	استاد۔ معلم۔ اتالیق۔ ٹیچر۔ پڑھانے والا
آدم	Adam	ع	آدمی۔ انسان۔ زمین کا آدمی۔ سب سے پہلا آدمی۔ حضرت آدم علیہ السلام جن کو ابوالبشر بھی کہا جاتا ہے
آذین	Azeen	ف	سجاوٹ۔ آرائش۔ زیب و زینت
آرام جان	Aram Jaan	ف	دل پسند۔ پیارا۔ محبوب۔ دل کو بھانے والا
آرمیدہ	Armidah	ف	راحت و چین والا۔ آرام والا
آرب	Arub	ع	دانشمند ہونا۔ عقلمند ہونا۔ معاملہ فہم ہونا
آرب	Arab	ع	قابل ہونا۔ ماہر ہونا۔ مہارت رکھنا
آرِب	Arib	ع	پختہ۔ مضبوط۔ ٹھوس
آریز	Ariz	ع	سربراہ۔ لیڈر۔ رہنما۔ قوم کا سردار
آردشیر	Arid Sher	ف	شیر کے غصے والا۔ اسفندیار کے بیٹے بہمن کا لقب
آزاد	Azad	ف	بری۔ بے قید۔ فارغ۔ خودمختار۔ اردو کے مشہور ادیب مولانا محمد حسین کا لقب آزاد تھا
آزرم	Azrim	ف	حیا۔ شرم۔ صلح

نام	Name		معنی
آزمیر	Asmir	ف	متقی۔ پرہیزگار۔ سمجھدار۔ ہوشیار۔ چالاک
آسی	Asee-Asi	ع	حکیم۔ طبیب۔ معالج
آسا	Asa	ف	بھروسہ۔ یقین۔ اعتماد
آس	Aas	ف	توقع۔ امید
آسودہ	Asooda	ف	امیر۔ خوشحال۔ مالدار۔ مطمئن۔ دولتمند
آشفتہ	Ashufta	ف	عاشق۔ شیدائی۔ فریفتہ۔ حیران۔ مشہور شاعر سلطان محمود کا تخلص
آشبہ	Ashbah	ع	مشابہت رکھنے والا۔ ہو بہو۔ مانند۔ مثل
آشب	Ashib	ع	پھلدار درخت۔ ہرا بھرا درخت۔ گنجان درخت
آصف	Asif	ع	لائق۔ قابل۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا وزیر جس کا نام آصف بن برخیاہ تھا
آصال	Asaal	ف	شام کا وقت۔ اصل۔ خالص
آغا	Agha	ت	مالک۔ حاکم۔ بڑا بھائی۔ آقا
آغر	Aghar	ت	نیک۔ شریف۔ معروف
آفتاب	Aftab	ف	سورج۔ دھوپ
آفندی	Afandi	ت	بزرگ۔ شریف النفس۔ محترم۔ نیک۔ معزز
آفریدی	Afridi	ف	پٹھانوں کے ایک قبیلہ کا نام
آفاق	Afaq	ع	آسمان جیسی وسعت رکھنے والا تخیل یا شعر
آقا	Aqa	ف	مالک۔ حاکم۔ ایک نام آقا بیدار بخت
آلب	Alib	ع	جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا
آلف	Alf	ع	پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ چاہت کرنا۔ اُنس کرنا
آموزگار	Amoozgar	ف	استاد۔ اتالیق۔ سکھانے والا۔ معلم
آمن	Aman	ع	آسودہ۔ مطمئن۔ خاطر جمع رکھنے والا۔ پرسکون
آمل	Amal	ع	آس۔ امید۔ توقع
آنق	Aanq	ع	راضی ہونا۔ خوش ہونا

آویز	Awaiz	ف	چاہت۔پیار۔محبت۔اُنس
آوان	Awaan	ع	ساعت۔لمحہ۔وقت۔گھڑی۔حکم۔احکام
آئیدون	Aidon	ت	مبارک دن۔روشن دن
آئے کت	Aikat	ت	روشن چاند۔چمکتا چاند۔مبارک چاند
ابتسام	Ibtsam	ع	شگفتگی۔کھلا ہوا۔مسکراہٹ
ابرار	Abrar	ع	نیک لوگ۔بھلے لوگ۔اچھے لوگ۔متقی لوگ
ابصر	Abser	ع	نظر۔نگاہ۔آنکھ۔علم
ابصار	Absar	ع	آنکھیں۔علم وحکمت۔دانائی۔مشہور براڈ کاسٹر ابصار عبدالعلی
ابساط	Ibsat	ع	کشادہ۔فراخ۔کھلا۔وسیع
ابتار	Ibtar	ع	عنایت کرنا۔دینا۔عطا کرنا
ابراز	Abraz	ف	راز فاش ہونا۔ظاہر ہونا۔بھید کھلنا۔عیاں ہونا
ابراہیم	Ibrahim	ع	مشہور نبی حضرت ابراہیم علیہ السلام
اباحت	Abahat	ع	جائز۔جواز۔اجازت۔ٹھیک۔درست
ابوذر	Abuzer	ع	حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشہور صحابی حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ابوحنیفہ	Abu Hanifa	ع	فقہ حنفی کے مشہور امام حضرت نعمان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت
ابوہُریرہ	Abu Hareera	ع	بلیوں کا باپ مشہور صحابی سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ
ابوالخیر	Abu-L-Khair	ع	بھلائی کا باپ۔ایران کا ایک مشہور شاعر
ابوالحسن	Abu-L-Hasan	ع	حسن کا باپ۔سیدنا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت
ابسام	Absam	عبر	صلح پسند۔صلح جو

ابدال	Abdal	ع	بدل کی جمع۔اولیاءاللہ کا ایک درجہ
ابوبکر	Abu Bakar	ع	خلیفہ اول سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ابوتراب	Abu Tarab	ع	مٹی کا باپ۔سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ کنیت آپ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا فرمائی تھی
اتحاف	Ittehaf	ف	سوغات دینا۔تحفہ دینا۔ہدیہ دینا
اتصاف	Ittesaf	ف	تعریف کیا جانا' توصیف کرنا' صفت کرنا
انصاف	Insaf	ع	تعریف کیا جانا۔توصیف کرنا۔صفت کرنا
اتفاق	Ittefaq	ع	سلوک۔اتحاد۔دوستی۔موقع
اتہاس	Ittehas	ف	کہانی۔حکایت۔روایت۔تاریخ
اتالیق	Ataleeq	ف	استاد۔معلم۔پڑھانے والا
اتابک	Atabak	ت	استاد۔محافظ۔معلم
اثیر	Aseer	ع	اونچا۔بلندوبالا۔عالی۔آسمان۔فلک
اثاقل	Asaqal	ع	دنیا کی طرف رغبت کرنا۔دنیا کی طرف توجہ کرنا
اثنان	Asnan	ع	دو۔دوسرا
اثیل	Aseel	ف	منفرد۔ذاتی اونچے خاندان کا رکن
اجمل	Ajmal	ع	خوبصورت۔حسین۔خوبرو۔مشہور حکیم مولانا اجمل خاں
اجام	Ajam	ع	درخت۔شجر۔پیڑ۔جنگل
اجلال	Ajlal	ع	شان وشوکت۔بلند مرتبہ۔عظمت ورفعت' بزرگی' ایک نام اجلال حیدر زیدی
اجواد	Ajwad	ف	عقلمند۔دانا۔دانشمند۔سمجھدار۔سخی
اَجلد	Ajald	ع	بزرگ لوگ۔شان وشوکت والے۔عظمت والے
اجمال	Ajmal	ع	مختصر۔اختصار۔تھوڑا
احد	Ahed	ع	ایک۔یکتا۔اکیلا۔تنہا۔یگانہ۔یک۔اللہ احد۔
احسان	Ehsan	ع	نیکی۔بھلائی۔اچھا سلوک۔نیک برتاؤ

نام	Name	زبان	معنی
احتشام	Ehtisham	ع	بزرگی۔ شوکت' جاہ وجلال' ایک نام احتشام الحق
احترام	Ehtram	ع	عزت۔ قدرت ومنزلت۔ ایک نام احترام الحق تھانوی
احمر	Ahmer	ع	سرخ۔ لال
احمد	Ahmed	ع	تعریف کیا ہوا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک
احکم	Ahkem	ع	پختہ۔ مضبوط۔ پائیدار۔ بڑا حاکم۔ ٹھوس۔ اللہ تعالیٰ کی صفت
احشام	Ahtesham	ف	آنکھیں۔ دولت۔ مال
احسن	Ahsen	ع	نیک۔ اچھا۔ بہت بھلا۔ حسین۔ خوبصورت
احباب	Ahbab	ع	دوست۔ رفیق۔ ساتھی۔ جاننے والا
احبار	Ahbar	ع	دانا۔ سمجھدار۔ دانشمند۔ عقل مند
احزم	Ahzem	ع	عقل مند۔ دانا۔ ہوشیار۔ سمجھدار۔ مصمم ارادہ والا
إحماد	Ihmad	ع	حفاظت رکھنا۔ محفوظ رکھنا۔ نگہبان ہونا
إحراز	Ihraz	ع	حفاظت کرنا' محفوظ رکھنا' نگہبان ہونا
اخلاص	Ikhlas	ع	چاہت۔ محبت۔ لالچ سے مبرا۔ دوستی۔ مخلص۔ خلوص کی جمع
اخوان	Akhwan	ع	برادران۔ بھائی
اخبر	Akhber	ع	خبر دینے والا۔ تجربہ کرنا۔ اطلاع کرنے والا۔ آزمانا
اختر	Akhter	ف	قسمت۔ نصیب۔ ستارہ۔ شگون۔ مبارک
اختیار	Akhtiar	ف	پسند کرنا۔ انتخاب کرنا۔ حاکمیت۔ چننا
اخیار	Akhyar	ع	نیک۔ متقی۔ پرہیزگار۔ خیر کی جمع
اخلاق	Akhlaq	ع	کردار۔ بول۔ کلام۔ خوش خوئی۔ خلق کی جمع
اخرم	Akhram	ع	عقل مند۔ دانا۔ ہوشیار۔ دوربین۔ سیانا
اخضر	Akhzir	ع	سبز۔ ہرا۔ گرین
اخمس	Akhmas	ف	دلیر۔ نڈر۔ جری۔ بہادر
اخفش	Akhfas	ع	ابوالحسن نحوی کا لقب جو کہ علم نحو میں ماہر تھے۔
اخونزادہ	Akhwanzada	ف	استاد کا بیٹا

نام	Name		معنی
اخلا	Akhla	ع	دوست۔رفیق۔ساتھی۔خلیل
ادھم	Adham	ف	سیاہ گھوڑا۔ بلخ کے حکمران اور مشہور ولی ابراہیم ادھم رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا نام
ادریس	Adrees	ع	تعلیم دینے والے۔سکھانے والے۔ایک مشہور نبی حضرت ادریس علیہ السلام
ادیب	Adeeb	ع	لکھاری۔لکھنے والا۔مشہور لکھاری میرزا ادیب
ادیم	Adaim	ع	لال رنگت والا خوشبودار چمڑا۔زمین کی سطح
ادیان	Adyan	ع	مذاہب۔دین کی جمع
اذہان	Izhan	ع	عقل۔سمجھ۔دانش۔سوجھ بوجھ
اذفر	Azfer	ع	بزرگ۔مقبول لوگ۔برگزیدہ لوگ۔نیک لوگ
اذین	Azain	ف	زیبائش۔آراستگی۔زینت
آذرنگ	Azrang	ف	روشن۔منور۔نورانی۔چمکدار۔پرنور
اذکی	Azki	ع	دانشمند۔عقل مند۔سمجھدار۔ذی فہم۔دانا
اذہاب	Azhab	ع	سنہرا۔سونا۔گولڈن۔ذھب کی جمع
اذیال	Azyal	ع	دامن
ارقم	Arqam	ع	لکھاری۔لکھنے والا۔تحریر کرنے والا۔حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے صحابی حضرت (ارقم مخزومی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام
ارمان	Arman	ع	آرزو۔تمنا۔خواہش
ارفع	Arfah	ع	اونچا۔اعلیٰ۔بلند مرتبہ۔عالی مرتبہ۔بالا
ارشد	Arshad	ع	نیک۔ہدایت یافتہ۔نہایت بھلا۔مشہور ادیب ارشد القادری
ارحام	Arham	ع	رحم کرنے والا۔نرمی کرنے والا۔رحم کی جمع
ارتضیٰ	Irtiza	ع	پسندیدہ ہونا۔ایک نام ارتضیٰ حسن اشرفی
ارتضاء	Artzah	ع	پسند کرنا۔منتخب کرنا۔چننا

ارسل	Arsel	ع	روانہ کرنا۔بھیجنا۔ارسال کرنا
ارشاد	Arshad	ع	حکم۔ہدایت
اروز	Aroze	ع	قوی ہونا۔طاقتور ہونا۔مضبوط ہونا
ارسلان	Arsalan	ف	شیر۔بندہ۔ایک مشہور بادشاہ الپ ارسلان
ارمغان	Armghan	ف	تحفہ۔سوغات۔ہدیہ
اردب	Aroob	ف	بیچ میں آنے والا۔درمیان میں آنے والا
ارجمند	Arjmand	ف	قدر ومنزلت والا۔صاحب رتبہ۔عزت ومرتبہ والا
ارژنگ	Arzhang	ف	شیر۔توران کا ایک مشہور پہلوان
اردشیر	Ardsher	ف	شیر کے غصے والا۔زبردست غصیلا۔جلالی طبیعت والا۔فارس کا پہلا ساسانی بادشاہ
اِردم	Irdam	ت	نیک کردار۔حسن سیرت
اِریل	Ireel	ت	دلیر۔جری۔بہادر۔نڈر
اُرید	Urid	ع	خواہش کرنا۔چاہت کرنا۔تمنا کرنا
اِرکن	Irken	ت	بے قید۔فارغ۔آزاد
اریب	Areeb	ع	دانا۔عقل مند۔دانشمند۔ذی شعور۔سمجھدار
ارصی	Arsee	ع	مضبوطی سے رہنا۔ثابت قدم رہنا
اردل	Ardil	ت	بہادر۔دلیر۔جری۔نڈر
ارتاخ	Artakh	ع	خوش ہونا۔پر مسرت ہونا۔چست ہونا
ارباب	Arbab	ع	پالنے والا۔مالک۔نگہبان
ارتاش	Artash	ع	خوشحال ہونا۔آسودہ حال ہونا
ازبک	Uzbak	ت	سردار۔رئیس۔سربراہ۔خودمختار۔ترکوں کا ایک قبیلہ
اِزہاد	Izhad	ف	زہد اختیار کرنا۔خواہش کرنا۔چاہت کرنا۔رغبت کرنا
ازاحت	Izahat	ع	کام کو پورا کرنا۔کام کو مکمل کرنا
ازادہار	Izadhar	ع	مرتبہ۔ترقی۔رتبہ۔آگے بڑھنا

ازہر	Izher	ع	چمکیلا۔روشن۔منور۔نورانی
اِزہار	Izhar	ف	شگوفے۔کلیاں
ازحف	Izhaf	ع	انتہائی مقصد تک پہنچنا
اِزدھر	Izdher	ع	چمکیلا۔منور۔روشن ہونا
ازانت	Izanet	ع	آرائش کرنا' زیبائش کرنا' سجانا' آراستہ کرنا
اِزداد	Izdad	ع	تابعدار۔فرمانبردار۔مطیع
اسحاق	Ishaq	عبر	حق پر ثابت قدم۔ایک نبی کا اسم مبارک جو کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فرزند تھے
ازعم	Izum	ع	تابعدار' فرمانبردار' مطیع
ازرق	Izraq	ع	آسمانی' نیلا' نیلگوں
اُسامہ	Usama	ع	اپنائیت کا سلوک کرنے والا۔حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت (اُسامہ بن زید) رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام
اسلام	Islam	ع	فرمانبرداری کرنا۔اطاعت کرنا۔تابعداری کرنا۔جھکنا
اسد	Asad	ع	شیر۔سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب اسد اللہ
اَسلم	Aslam	ع	پاکیزہ۔محفوظ۔صاف۔سلامت
اسحار	Ashar	ف	سویرا۔فجر۔صبح
اسہار	Ishaar	ف	جاگنا۔بیدار کرنا۔جگانا۔بیدار ہونا
اسماعیل	Ismail	عبر	مسکراہٹ۔مسرت۔خوشی۔تبسم۔دلیر۔بہادر۔حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فرزند حضرت (اسماعیل علیہ السلام) کا نام
اسعار	Asaar	ف	قیمت کرنا۔مول کرنا۔بھاؤ کرنا
اسفار	Isfar	ف	روشن ہونا۔چمکدار۔منور ہونا
اسحر	Asher	ع	سویرا ہونا۔صبح ہونا۔اجالا ہونا
اسلوب	Asloob	ع	انداز۔طریقہ۔ڈھنگ۔ڈھب۔طرز
اسرار	Asrar	ع	بھید۔راز۔چھپا ہوا۔ایک نام ڈاکٹر اسرار احمد

اسفندیار	Asfand Yar	ع	حق قدرت۔فارس کے بادشاہ کا مشہور سپہ سالار جس کو رستم نے قتل کر دیا تھا
اسعد	Asad	ع	مبارک۔نیک بخت۔خوش نصیب۔مددگار ایک صحابی کا نام
اسید	Asayed	ع	شیر رکھنے والا۔حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے صحابی حضرت (عتاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے والد کا نام
اسمر	Asmer	ف	گندمی رنگت والا۔گندم گوں
اسجل	Asjal	ع	صاحب برکت ہونا۔صاحب خیر کرنا
اسعاف	Asaaf	ف	ضرورت پوری کرنا۔حاجت پوری کرنا
اسطر	Aster	ف	میزان۔ترازو
اسکندر	Sikander	یو	مشہور یونانی بادشاہ
اسخی	Askha	ع	سخی۔فیاض۔بہت زیادہ سخاوت کرنے والا
اسوار	Aswar	ف	سوار
اسہل	Ashel	ع	نہایت آسان
اسود	Aswed	ع	سیاہ۔کالا
اشرف	Ashref	ع	بزرگ۔شریف۔نیک۔مشہور ادیب آغا اشرف
اشعر	Asher	ع	شاعر۔عقل مند۔زیرک۔دانا۔سمجھدار۔دانشمند
اشفاق	Ishfaq	ع	شفیق۔مہربان۔کرم کرنے والا۔شفقت کرنے والا۔اردو کے مشہور ادیب اشفاق احمد
اشراف	Ashraf	ع	شرافت والا۔اعلیٰ خاندان۔ایک نام اشراف الانوار
اشہاد	Ashhad	ع	شاہد۔گواہ
اشبل	Ashbel	ع	کسی پر شفقت کرنا۔کسی پر مہربانی کرنا۔کسی پر عنایت کرنا
اشناد	Ashnad	ف	پانی میں تیرنے والا۔تیراک۔
اشباح	Ashbah	ف	بدن،جسم،قالب
اشہل	Ashhel	ع	منور۔روشن۔چمکدار۔پُرنور

اشناس	Ishnas	ع	شناخت کرنے والا۔ پہچاننے والا۔ خلیفہ معتصم باللہ کا ایک بہادر غلام۔ اشناس جو رومیوں کے خلاف اس بے جگری سے لڑا کہ خلیفہ نے خوش ہو کر اسے فوج کا سپہ سالار بنا دیا۔
اشتر	Ashter	ع	سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لشکر کے ایک سالار کا نام
اشبر	Ashber	ع	فوقیت دینا۔ فضیلت دینا
اشتیاق	Ishtiaq	ع	آرزو۔ خواہش۔ شوق۔ تمنا۔ لگن
اشکن	Ashken	ت	تندرست۔ صحت مند۔ ہشاش بشاش
اشہر	Asher	ع	نامی گرامی۔ بہت زیادہ شہرت والا۔ مشہور و معروف
اشجع	Ashja	ع	نہایت دلیر۔ جری۔ بڑا بہادر۔ نڈر۔ شجاع
اشدق	Ashdeq	ع	فراخ دہن (کھلے منہ والا)
اصلکان	Asalkan	ت	نیک خون۔ شریف خون
اصابت	Asabet	ف	ٹھیک کہنا۔ درست کرنا۔ صحیح کرنا۔ مضبوطی۔ ثابت قدمی
اصباح	Asbah	ع	سویرا۔ صبح۔ فجر۔ اجالا۔ شفق
اصلاح	Islah	ع	درستگی۔ تصحیح۔ ہاکی کے مشہور پاکستانی کھلاڑی اصلاح الدین
اصمعہ	Ismah	ع	فوری سننے والا۔ جلدی سننے والا۔ تیز تلوار۔ تیز شمشیر' حبشہ کے ایک حکمران کا نام
اصبح	Isbah	ع	حق اجاگر کرنا۔ حق ظاہر کرنا۔ حق کہنا
اصغر	Asghar	ع	چھوٹا' کمسن
اصمد	Asmed	ع	مدد کرنا۔ سہارا دینا
اصحا	Asha	ع	تندرست۔ صحت مند۔ صحیح کی جمع
اصطبار	Astbar	ع	صبر کرنا۔ برداشت کرنا
اصطفاء	Astfah	ع	منتخب کرنا۔ چن لینا۔ پسند کر لینا۔ برگزیدہ۔ بزرگ
اصفی	Asfi	ع	روشن۔ منور۔ بہت صاف۔ چمکدار
اصفر	Asfer	ف	زرد رنگ۔ پیلا رنگ۔ دینار

اضیاف	Aziaf	ع	مہمان۔ضیف کی جمع
اضمار	Izmar	ع	چھپانا۔پوشیدہ کرنا
اطہر	Ather	ع	پاکیزہ۔پاک۔صاف۔بہت پاک
اطفان	Itfan	ع	تسلی بخش۔اطمینان بخش
اطارت	Atarat	ع	اونچا اڑنا۔بلندی پر اڑنا
اِطیب	Itayyab	ع	پاکیزہ۔بہت اچھا۔بہت زیادہ پاک۔خوشبودار
اطراب	Itterab	ف	خوشی و مسرت کرنا
اظہر	Azher	ع	چمکیلا۔روشن۔منور۔صاف۔بہت واضح
اظہار	Izhar	ع	واضح کرنا۔ظاہر کرنا۔آشکارہ کرنا
اظلال	Azlal	ع	سائے۔ظل کی جمع
اظفر	Azfar	ع	فتح مند۔کامیاب وکامران۔خوشبودار
اظفار	Izfar	ع	اظفر کی جمع۔خوشبودار اشیاء۔کامیابیاں وکامرانیاں
اعراس	Araas	ف	رضامندی۔آمادگی۔خوشی۔شادمانی۔مسرت
اعطاف	Ataaf	ع	کرم نوازیاں۔مہربانیاں۔عنایات۔شفقتیں
اعتماد	Aitmad	ع	یقین رکھنا' اعتبار' بھروسہ' ایک نام اعتماد الدولہ
اعوان	Awan	ع	حمایت کرنے والے' مددگار' بہت سے حامی' معاون
اعجاز	Ijaz	ع	معجزہ' کرامت
اعزاز	Aizaz	ع	مرتبہ' انعام' عزت' مقام
اعظم	Azam	ع	عالی مرتبت' بہت بڑا' عظیم' بزرگ
اعین	Ain	ع	بڑی آنکھ والا
اعمار	Amaar	ع	عرصہ' مدت' زندگی' سن' عمر کی جمع
اعلیٰ	Ala	ع	بلند مرتبہ' بہت اونچا' بلند وبالا
اعذب	Azeb	ع	بہت میٹھا' شیریں
اعتصام	Aitsam	ع	مضبوطی سے تھامنا' مضبوط پکڑنا

اعتبار	Aitbar	ع	یقین' بھروسہ' اعتماد' ایک نام حافظ اعتبار احمد خان
اعتزاز	Aitzaz	ع	خوبی' عزیز ہونا' ایک نام اعتزاز احسن
افراسیاب	Afrasiab	ف	توران کا ایک بادشاہ
افراح	Ifra	ف	خوش کرنا' راضی کرنا
افراض	Afraz	ف	بلند ہونا' اونچا ہونا
افسر	Afser	ف	حکم کرنے والا' حاکم' عہدہ دار' سردار' تاج
افتخار	Iftikaar	ع	فخر کی جمع' فخر کرنا' مرتبہ' عزت
افاضل	Afazel	ع	افضل کی جمع' بزرگ' علم والا' جاننے والا' عالم فاضل
افصح	Afseh	ع	خوش بیان' شیریں کلام' فصیح
افضل	Afzal	ع	بہترین' اعلیٰ' مبرا' ارفع
افہام	Ifham	ع	عقل' دانش' سمجھ' شعور
افقر	Afqar	ع	فقر کو دوست رکھنے والا' درویش' غریب
إفلاح	Iflah	ع	کامیاب و کامران ہونا' نیکی کرنا' اچھائی کرنا
افضال	Afzaal	ع	مہربانیاں' عنایات' بخششیں' فضل کی جمع
افگن	Afgan	ف	پچھاڑنے والا' گرانے والا' ہرانے والا' مارنے والا
افشین	Afsheen	ف	سنہری' خلیفہ مامون الرشید کی فوج کا ایک سپہ سالار
افراہیم	Ifrahim	عبر	پھلدار' ہرا بھرا' نتیجہ خیز
إفراز	Ifraz	ف	اونچائی' بلندی' بالا
اقبال	Iqbal	ع	کامیابی' خوش نصیبی' طالع' قسمت' مقدر' اعتراف' اقرار' پاکستان کے قومی رہنما اور شاعر علامہ محمد اقبال
اقمر	Aqmer	ع	بہت سفید' چاند کی مانند' دودھیا' نہایت روشن
اقتدار	Iqtidar	ع	حکومت' طاقت' اختیار
أقرب	IQrab	ع	قریب ہونا' نزدیک ہونا' پاس ہونا' قربت
اقدار	Aqdar	ع	قدریں' قدر کی جمع

قرف	Iqraf	ع	بہت زیادہ لال' بہت سرخ' لعل
اقسط	Iqsat	ف	منصف' جج' عادل' انصاف کرنے والا
اقویٰ	Iqwa	ع	طاقتور' زبردست' بہت قوی
اقطاب	Iqtab	ع	سردار' سربراہ' مرکز' قطب کی جمع
اقرار	Iqrar	ع	تسلیم کرنا' ماننا' حامی بھرنا' ہاں کرنا
اقدم	Iqdam	ع	بہت آگے' سب سے آگے
اقدس	Aqdes	ع	بزرگ' پاکیزہ' بہت پاک' حرمت والا۔ قدس کی جمع
اقارب	Iqareb	ع	عزیز' رشتہ دار
اقران	Iqran	ع	ستاروں کا ملاپ
اکمل	Akmel	ع	کامل' مکمل' بالکل' پورا' ماہر' مہارت رکھنے والا
اکبر	Akber	ع	بہت بڑا۔ یعنی ہر چیز سے بڑا۔ اللہ اکبر
اکرام	Ikram	ع	عنایت کرنا' مہربانی کرنا' انعام کرنا' کرم کرنا' بخشش کرنا
اکرم	Akrem	ع	بہت کرم کرنے والا' بہت عنایت کرنے والا' بہت کریم' بہت مہربانی کرنے والا
اکارم	Ikarem	ف	کرم کرنے والے' مہربانی کرنے والے' عنایت کرنے والے
اکابر	Ikaber	ع	بہت بڑا' اکبر کی جمع
اکتم	Iktem	ع	خفیہ' چھپا ہوا' پوشیدہ
اکمال	Ikmaal	ع	مکمل کرنا' کامل کرنا
اکنان	Iknan	ع	پردہ
اکبیر	Akbir	ع	اکٹھا کرنے والا' جمع کرنے والا' بڑا کرنے والا' شریف
الیاس	Ilyas	عبر	اللہ تعالیٰ کے محبوب نبی' اسم مبارک جو حضرت خضر علیہ السلام کے چچازاد بھائی تھے۔
التام	Iltam	ع	درست ہونا' ٹھیک ہونا' صحیح ہونا

التمش	Altimash	ت	ترکی ہراول دستہ' آگے کی فوج' خاندان غلاماں کا مشہور سلطان الہند شمس الدین التمش
الپ	Alap	ت	بہادر' دلیر' نڈر' جری' شجاع
الفت	Ulfat	ف	محبت' پیار' چاہت' دوستی' رفاقت' توجہ' انس
اُلکو	Ulku	ت	بے نظیر' بے مثال
اُلکر	Ulker	ت	مثالی' منفرد' یگانہ
التماس	Iltmas	ع	گزارش' عرض
الحذر	Alhezer	ع	پناہ' امان' حفاظت' ڈر' خوف
الطاف	Altaf	ع	مہربانیاں' عنایات' کرم نوازیاں' لطف کی جمع
الطف	Altef	ع	پاک صاف' نہایت پاکیزہ' نازک' بہت لطیف
اَلغ	Alagh	ت	بڑا' بزرگ
المعی	Almaee	ع	معاملہ فہم' نہایت زیرک' عالم' فاضل' بہت عقلمند' دانشمند
الماس	Almas	ع	شفاف ہیرا
الواز	Alwaz	ف	روشنی' نور
البان	Alban	عبر	دودھیا' سفید
امان	Amaan	ع	پناہ' حفاظت' مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے مرشد' باقی باللہ رحمتہ اللہ علیہ کے مرید خاص حضرت مولانا امان اللہ نقشبندی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ
امتیاز	Imtiaz	ع	پرکھنا' فرق کرنا' تمیز کرنا' اردو کے مشہور ادیب امتیاز علی تاج' مشہور پاکستانی کرکٹر امتیاز احمد
امانت	Amanat	ع	کسی کی سپرد کی ہوئی شے' تحویل
امداد	Imdad	ع	مدد کی جمع' مدد کرنا' دستگیری کرنا' اعانت کرنا
امین	Ameen	ع	امانت دار' حضور نبی کریم ﷺ کا ایک لقب مبارک
امام	Imam	ع	راہنما' پیشوا' راستہ دکھانے والا' ہادی' ایک نام' مشیر' پیش امام

امعان	Imaan	ع	دوربین' گہری نگاہ' تیز نظر' غور وفکر
امید	Umeed	ف	آس' توقع
امثال	Imsaal	ع	فرمانبرداری' تابعداری' اطاعت گزاری' ہم شکل
اماجد	Imajad	ع	بزرگ' بڑے' امجد کی جمع
امتنان	Imtinan	ع	احسان کرنا' احسان رکھنا
اَمر	Amer	ع	فعل' کام' مسئلہ' حکم
اُمناء	Amnah	ع	امانتدار' امین کی جمع
امیم	Ameem	ع	رہنما' پیشوا' ہدایت کرنے والا' امامت کرنے والا
اِمرار	Imrar	ف	پکا وعدہ کرنا' مصمم ارادہ کرنا' پکا عہد کرنا
امجد	Amjad	ع	شریف' نیک' بزرگ' مشہور شاعر امجد اسلام امجد
اِمصار	Imsaar	ع	بہت سے شیر
اَنجم	Anjam	ع	ستارے' نجم کی جمع
انتظار	Intizar	ع	راہ دیکھنا' اردو کے مشہور ادیب انتظار حسین
انتخاب	Intkhab	ع	چننا' منتخب کرنا' پسند کرنا' کرکٹ کے مشہور پاکستانی کھلاڑی انتخاب عالم
اَنظر	Anzer	ع	نگاہ رکھنے والا' دھیان رکھنے والا' دوربین' نظر رکھنے والا' ایک نام انظر احمد
انیس	Anees	ع	اُنس رکھنے والا' محبت رکھنے والا' ہمدرد' غمگسار' مشہور مرثیہ گو شاعر میر ببر علی انیس
انیق	Aneeq	ع	قیمتی' نادر' نایاب' خوش آئند' خوب' ایک نام انیق ناجی
انشراح	Inshrah	ع	خوشی' مسرت' شادمانی
انور	Anwer	ع	منور' بہت واضح' روشن' صاف' زیادہ چمکدار' ایک نام انور علی
انوار	Anwaar	ع	روشن کرنے والا' منور کرنے والا' چمکانے والا' ایک نام انوار احمد
انتاش	Intash	ع	دور رہنا' فاصلے پر رہنا' پرے رہنا

اِنشال	Inshal	ع	بلند مرتبہ' بہت اونچا' بلند و بالا
اِنجاح	Injah	ع	کامیاب ہونا' ضرورت' حاجت' مقصد' مطلب' خواہش پوری ہونا
انعام	Inam	ع	صلہ' کرم ہونا' عنایت ہونا' ایک نام انعام الحق
ان شاءاللہ	Insha Allah	ع	اللہ نے چاہا۔ ایک نام اِن شاءاللہ خاں انشاء
انظام	Inzam	ف	آرائش کرنا' سجاوٹ کرنا' آراستہ کرنا' مرتب کرنا' ترتیب دینا
انیم	Aneem	ف	خلقت' مخلوقات
اِنشاء	Insha	ف	عبارت' تحریر' مضمون' مشہور شاعر ابن انشاء
اِنکسار	Inksaar	ف	عاجزی' عجز' خاکساری
اِنجار	Injar	ف	مطلب پورا ہونا' ضرورت پوری ہونا' مقصد پورا ہونا
انبساط	Inbsaat	ف	راحت' شادمانی' خوشی' کشادگی' خوش ہونا
انباز	Inbaz	ف	ساتھی' شریک' شامل
انتظام	Intzam	ع	کام مکمل ہونا' بندوبست کرنا
اِنتساب	Intsaab	ع	لگاؤ' منسوب ہونا' منسلک ہونا
اِنجاز	Injaz	ع	وفا کرنا' نبھانا' پورا کرنا
اَنجل	Anjal	ع	بڑی بڑی آنکھوں والا' کھلی آنکھ والا
اَنس	Anas	ع	آواز سننا' سماعت کرنا' حضور نبی کریم ﷺ کے پیارے صحابی سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کو آپ ﷺ نے ابوحمزہ کی کنیت مرحمت فرمائی تھی۔
انسب	Ansab	ع	بہت مناسب' ٹھیک
انصار	Ansar	ع	مدد کرنے والے' مددگار' ناصر کی جمع' مدینہ میں بسنے والے صحابہ کرام انصار۔
انضمام	Inzimam	ع	متصل ہونا' مل جانا' مشہور پاکستانی کرکٹر انضمام الحق
اویس	Uwais	ع	بزرگ' عطا کردہ' حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
اوج	Awj	ع	اونچائی' بلندی' شان' مرتبہ' عروج

اوصاف	Awsaf	ع	وصف، تعریف، صفات
اوراد	Adrad	ع	دلیر، بہادر، جری، نڈر، شیر، شجاع
اورنگ	Awreng	ف	خوشی، شادمانی، تخت شاہی، راحت
اورنگزیب	Awrewg zeb	ف	جسے تخت شاہی موزوں ہو، مغلیہ خاندان کے چھٹے بادشاہ اورنگزیب عالمگیر
اوزان	Awzan	ت	منتخب، چنا ہوا
اوغور	Awghor	ت	شریف، نیک، مشہور
اوکتے	Awkte	ت	بہادر، دلیر، شجاع، نڈر، جری
اوزگر	Awzgier	ت	آزاد، خودمختار
اونر	Awner	ت	وقار، مرتبہ، عزت، رتبہ
اوّاب	Awab	ع	اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والا
اوثق	Awsaq	ع	مستحکم، پختہ، مضبوط، ٹھوس
اوس	Aws	ع	عوض، بدلہ، عطا، عنایت، عرب کے ایک قبیلہ کا نام
ایوب	Ayub	عبر	ایک نبی کا نام
ایاز	Ayaz	ع	سلطان محمود غزنوی کے ایک غلام کا نام جن کا مزار لاہور میں ہے
ایقان	Aiqan	ع	اعتبار کرنا، یقین ہونا، یقین کرنا
ایزاد	Aizad	ع	زیادتی، اضافہ، بدعت
ایثار	Aisar	ع	قربانی، ترجیح دینا
ایراد	Airad	ع	آمدنی، مال کا آنا، دولت پہنچانا
ایواز	Aiwaz	ف	آرائش، سجاوٹ، آراستگی
ایجاب	Aijab	ف	اقرار کرنا، قبول کرنا
ایرج	Airej	ف	فریدون کے ایک بیٹے کا نام
ایلاف	Ailaf	ف	محبت کرنا، پیار کرنا

ایبک	Aibak	ت	قاصد' غلام' مکمل' چاند' پیغام رساں' ہندوستان کا مشہور بادشاہ قطب الدین ایبک جس کا مزار انار کلی بازار لاہور میں واقع ہے۔
ایرکین	Airkeen	ت	خودمختار' آزاد
ایمل	Aimel	ت	خواہش' آرزو' تمنا' ایک نام ایمل کانسی
ایقاظ	Aiqaz	ع	بیدار کرنا' جگانا
ایلیا	Ailiya	عبر	صدیق' سچا' راست گو' ارفع' اونچا' اعلیٰ

ب

باقر	Baqr	ع	شیر، بہت بڑا عالم، امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے اور پانچویں امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
بارک اللہ	Barkllah	ع	اللہ تعالیٰ تمہیں برکت دے، ایک عالم کا نام مولانا بارک اللہ لکھوی
بازِف	Bazif	ع	ناز کرنا، مان کرنا، فخر کرنا
باسم	Basm	ع	مسکرانے والا، تبسم کرنے والا، ہنسنے والا، ہنس مکھ
باقی	Baqi	ع	لافانی، زندہ جاوید، ہمیشہ رہنے والا، بچا ہوا، ایک مشہور مصری کا نام عالم محمد بن فواد عبدالباقی
بابر	Baber	ت	شیر، مغل بادشاہ نصیر الدین ہمایوں کے والد کا نام جو ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کے پہلے بادشاہ تھے۔ پورا نام ظہیر الدین بابر
باسط	Basit	ع	وسعت دینے والا، فراخی دینے والا، کھولنے والا مصر کے ایک مشہور قاری کا نام عبدالباسط
بابک	Babak	ف	آئین، قانون، ایک بادشاہ جو اردشیر کا ماموں تھا۔
باصر	Basar	ع	بینائی والا، دیکھنے والا، نظر والا، نگاہ والا، آنکھوں والا
باسق	Basiq	ع	سفید بادل، صاف شفاف، اجلا
باری	Bari	ع	تخلیق کرنے والا، پیدا کرنے والا، خالق، ایک نام عبدالباری
باذِل	Bazil	ع	عطا کرنے والا، دینے والا، سخی
باعد	baad	ع	فاصلے پر ہونے والے، دور ہونے والا
بارز	Bariz	ع	عیاں ہونا، آشکار، غالب ہونا، ظاہر ہونا
بارق	Bariq	ع	روشن، چمکدار، تاباں، منور۔ برق کی جمع
بایزید	Bayazeed	ف	مشہور ولی اللہ سید الطائفہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ

باشی	Bashi	ت	سردار' افسر' سربراہ' امیر
باہُو	Bahoo	ع	عصا' چھڑی' مشہور ولی اللہ حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جن کا مزار شور کوٹ جھنگ میں ہے
باسعود	Basaood	ع	بابرکت' برکت والا' سعادت والا' مبارک' نعمت والا
باسل	Basil	ع	بہادر' دلیر' جری' نڈر' شجاع
بتیر	Bateer	ع	زیادہ' کافی' بہت
بخت	Bakhat	ع	قسمت' نصیب' اقبال' ایک نام سکندر بخت
بخش	Bakhsh	ف	عطا کرنے والا' تقسیم کرنے والا' دینے والا' ایک نام بخش الٰہی
بختیار	Bukhtiar	ف	خوش نصیب' خوش۔ قسمت والا۔ مقدر والا۔ مشہور ولی اللہ حضرت قطب الدین بختیار کا کیؒ
بختاور	Bukhtawar	ف	صاحب۔ نصیب۔ خوش قسمت۔ مقدر والا۔ اقبال مند
بدیع	Badee	ع	موجد' ایجاد کرنے والا' بنانے والا' نئی بات' نرالا' نادر' انوکھا' ایک نام بدیع الزمان
بدر	Badr	ع	مکمل چاند' چودھویں کا چاند۔ جنگ بدر
بدرقہ	Badraqa	ع	آسرا' سہارا' رہبر' رہنما' قیادت کرنے والا
برجیس	Berjees	ع	چھوٹے ستارے' مشتری سیارہ' ایک نام برجیس طاہر
برکت	Barkat	ع	فضل' اضافہ' زیادتی' نعمت ملنا' مشہور بزرگ صوفی برکت علی
برکات	Barkat	ع	نعمتیں' بہت سا فضل' بہت سی برکتیں۔ برکت کی جمع
برہان	Burhan	ع	نشانی' دلیل' حجت' مثال' ایک نام برہان الدین
برنی	Burney	ع	جوان
برید	Bureed	ع	قاصد' ایلچی' پیغام رساں
بریق	Bureeq	ع	روشن' منور' تاباں' چمکیلا
برقیارق	Burqiarq	ت	روشن' منور' چمکیلا
بسالت	Basalat	ع	بہادری' دلیری' جرأت' شجاعت

نام	Name		معنی
بسام	Bisam	ع	بہت تبسم والا' بہت مسکرانے والا' خوش شکل' ہنس مکھ
بسیط	Baseet	ف	کشادہ' کھلا' فراخ' وسیع
بساط	Bisat	ف	ہمت' حوصلہ' طاقت' وسیع
بشاش	Bishash	ف	خوش شکل' خوش طبع' ہنس مکھ
بشر	Basher	ع	انسان' خوشخبری' مشہور ولی اللہ حضرت شیخ بشر حافی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جن کا مزار بغداد شریف میں ہے
بشاء	Bisha	ف	خوبصورتی' خوشخبری' مژدہ' نچھاور' قربان' پابند
بشارت	Bisharat	ع	خوشخبری' الہام' مژدہ
بشیر	Bashir	ع	خوشی کی اطلاع دینے والا' خوشخبری دینے والا' خوبصورت حضور نبی کریم ﷺ کا ایک اسم مبارک
بصیر	Baseer	ع	دیکھنے والا' بینا' دانا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
بکر	Bakr	ع	سامنے کی طرف بڑھنا' آگے بڑھنا
بلاول	Bilawal	ع	جیتا ہوا ہونا۔ فتح مند ہونا۔ اسلام کے مؤذن اوّل صحابی رسول سیدنا بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
بلاول	Bilawal	ہ	گانے کا ایک سُر' ایک ولی اللہ حضرت شاہ بلاول قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جن کا مزار حضرت مادھولال حسین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مقبرہ کے پاس باغبانپورہ لاہور میں ہے۔
بلیغ	Baleegh	ع	مکمل' کامل' پورا' فصیح' بہترین
بنصر	Banser	ع	ہاتھ کی چھوٹی کے ساتھ والی انگلی
بندہ	Benda	ف	اطاعت گزار' غلام' انسان' خاکسار' مطیع' خادم
بنیامین	Binyamin	ع	اللہ کے نبی یعقوب علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو حضرت یوسف علیہ السلام کے سگے بھائی تھے۔
بہروز	Behrose	ف	مبارک' ایک نام بہروز سبزواری
بہادر	Bahadur	ف	دلیر' جری' نڈر' شجاع
بہرام	Behram	ف	مریخ سیارہ' یاقوت' ساسانی خاندان کے چوتھے بادشاہ کا نام

بہاء	Beha	ع	رونق‘ چمک‘ زیبائی‘ روشنی‘ ملتان کے مشہور ولی اللہ حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ
بہرہ ور	Behrawer	ف	خوش قسمت‘ مقدر والا‘ کامیاب‘ قسمت والا
بہزاد	Behzad	ف	نیک ذات‘ نیک‘ اصل‘ ایک شاعر بہزاد لکھنوی
بہلول	Behlole	ع	ہنس مکھ‘ خنداں رو‘ پیشوائے قوم‘ خلیفہ ہارون الرشید کے عہد کے مشہور ولی اللہ حضرت بہلول دانا رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔
بہین	Beheen	ف	بہترین‘ اعلیٰ‘ ارفع
بہجت	Behijt	ف	سجیلا‘ معشوق‘ بانکا
بہرہ مند	Behramend	ف	خوش نصیب‘ قسمت والا‘ مقدر والا‘ خوش قسمت
بہمن	Behmen	ف	چالاک‘ ہوشیار‘ ذہین‘ باشعور‘ بہت سیانا
بہنام	Behnam	ف	نیک نام‘ اچھا نام
بہراض	Behraz	ف	سرخ یاقوت
بوستان	Bostan	ف	بہت سے پھول‘ باغ‘ گلستان۔ شیخ سعدی کی کتاب بوستان
بوعلی	Buali	ع	مشہور ولی اللہ حضرت بوعلی قلندر رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اور مشہور حکیم بوعلی سینا
بیدار بخت	BedarBukht	ف	مقدر والا‘ خوش قسمت‘ جاگی ہوئی قسمت والا
بیگ	Baig	ت	سردار‘ امیر‘ سربراہ ملک‘ شہزادہ
بیرم	Berem	ف	جشن‘ بہت زیادہ خوشی‘ عید‘ پرمسرت موقع‘ شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے اتالیق کا نام
بیضا	Baiza	ع	سفید‘ روشن‘ منور‘ پُر نور
بیروز	Berose	ت	ایک سرسبز پتھر
بیدار	Baidar	ف	ہوشیار‘ جاگتا ہوا
بیرق	Bairaq	ف	پرچم‘ پھریرا‘ چھوٹا جھنڈا‘ چھوٹا نیزہ‘ علم

نام	Name		معنی
پاشا	Pasha	ف	حاکم' سردار' سربراہ' امیر' ترکی کے رہنما مصطفیٰ کمال پاشا
پارس	Pares	ف	اکسیر' ایک پتھر کا نام
پایان	Payan	ف	سرا' کنارہ' اخیر' انتہا
پامان	Paman	ف	تحویل' حفاظت' پناہ
پاسبان	Pasban	ف	رکھوالا' محافظ' نگہبان' دھیان رکھنے والا
پائندہ	Payenda	ف	مضبوط' قائم' جما ہوا' ٹھہرنے والا
پدید	Padeed	ف	عیاں' آشکارا' نمایاں' ظاہر
پذیر	Pazeer	ف	قبول کرنے والا' ماننے والا' تسلیم کرنے والا' مان
پذیرہ	Pazeera	ف	استقبال' مقبول' مشہور
پردل	Purdil	ف	دلیر' بہادر' نڈر' جری' شجاع
پرطاس	Purtass	ف	طاقتور' ایک پہلوان کا نام
پرنیان	Pernian	ف	ایک طرح کا پھولدار ریشمی کپڑا
پشین	Pasheen	ف	کیقباد کے بیٹے کا نام
پیروز	Pairose	ف	مبارک' فتح مند' کامیاب
پیرزادہ	Peerzada	ف	پیر کا بیٹا
پژمان	Puzman	ف	خواہش' تمنا' آرزو' چاہت
پرتاب	Purtab	ف	مضبوط' قوی' طاقتور' صحت مند

ت

نام	Name		معنی
تابش	Tabesh	ف	چمک' گرمی' حرارت' ایک نام تابش الوری
تائق	Taiq	ف	شوقین' شوق رکھنے والا' اشتیاق رکھنے والا
تابدار	Tabdar	ف	روشن' چمکیلا' چمکنے والا' منور
تاب	Taab	ف	چمک دمک' رونق' روشن' حوصلہ' طاقت' برداشت
تانیس	Tanees	ف	پیار' محبت' الفت' عبادت' اطاعت
تارض	Tarez	ع	مضبوطی سے قائم رہنا' جم کر رہنا
تاشِف	Tashif	ع	مہربان' غمگسار' ہمدرد' شفیق
تارز	Tariz	ع	طاقتور' مضبوط' قوی' توانا' سخت
تاہب	Tahib	ف	مستعدی' چوکس' چوکنا' آمادگی' مان جانا
تاشفین	Tashfeen	ع	ہمدرد لوگ' مہربان لوگ' غم خوار لوگ' غمگسار لوگ' مشہور جرنیل یوسف بن تاشفین
تائب	Taib	ع	توبہ کرنے والا' گناہ نہ کرنے کا عہد کرنے والا' مشہور نعت گو شاعر حفیظ تائب
تاباں	Taban	ف	روشن' منور' چمکیلا' درخشاں
تابین	Tabeen	ف	عیاں' آشکارہ' ظاہر' سپاہی' پیرو
تاثیل	Taseel	ف	طاقت' قوت' مضبوط
تاجیل	Tajil	ف	معیاد' مہلت' مدت' وقت مقرر کرنا
تبحر	Teber	ع	وسیع علم کا مالک ہونا' بہت زیادہ علم کا مالک
تبصیر	Tebsir	ف	منور کرنا' روشن کرنا
تبرید	Tabrid	ع	یخ کرنا' ٹھنڈا کرنا
تبیین	Tabyin	ع	آشکارہ' ظاہر' عیاں' اظہار' توضیح' شرح' تفسیر' تشریح

تبریک	Tabrik	ع	مبارک پیش کرنا' مبارکباد دینا' برکت
تجبیل	Tajbil	ع	عزت وبزرگی کرنا
تبسم	Tabassam	ع	مسکراہٹ' مسکرانا
تبشیر	Tabshir	ع	خوشی کی خبرسنانا' خوشخبری دینا
تبسط	Tabsut	ع	کھلا ہونا' کشادہ ہونا' پھیلنا
تبیان	Tabyan	ع	واضح کرنا' ظاہر کرنا' عیاں کرنا' روشن کرنا
تتمیر	Tatmir	ف	فائدہ پانا' نفع پانا' میوہ چننا' پھل چننا
تثمیر	Tasmir	ف	صحت مند ہونا' خوشحال ہونا
تجمل	Tajammal	ع	شان وشوکت' زینب' آرائش' زیبائش
تجمیل	Tajmil	ع	آراستہ کرنا' سجانا' زیبائش کرنا' آرائش کرنا
تجاسر	Tajasar	ع	دلیر' جرأت' شجاعت' بہادری' جسارت
تجاذب	Tajazub	ف	باہم جذب کرنا' باہم ملانا' آپس میں ملانا
تحسین	Tehsin	ع	تعریف کرنا' ستائش کرنا' سراہنا' توصیف کرنا
تحفیظ	Tehfiz	ف	حافظ کی جمع۔حفاظت کرنا
تحمید	Temmid	ع	صفت بیان کرنا' توصیف کرنا' تعریف کرنا' حمد کرنا
تحذیق	Tehziq	ع	عقلمندی کا دعویٰ کرنا' سمجھدار ہونے کا دعویٰ کرنا
تحذیر	Tehzir	ع	خبردار ہونا' ہوشیار ہونا' چوکنا ہونا
تحیت	Tehit	ع	سلام' دعا' سلام کرنا' مبارکباد
تحکیم	Tehkim	ع	طاقت' قوت' حکم
تحمس	Tehmes	ع	دین میں مضبوط ہونا
تحاب	Tehab	ف	باہم محبت کرنا' آپس میں محبت کرنا
تحلیم	Tehlim	ع	نرم طبع ہونا' انکساری' بردباری' حلیم ہونا
تخلیق	Tekhliq	ع	پیدا کرنا' بنانا' پیدائش
تخلق	Tekhluq	ع	خوش اخلاق ہونا' خلیق ہونا' خوگر ہونا

تخلیص	Tekhlis	ع	رہا کرنا' چھوڑ دینا' خلاصہ نکالنا' خالص بنانا
تخلید	Tekhlid	ع	ہمیشہ رکھنا' ہمیشگی
تدبیر	Tedbir	ع	رائے' تجویز' بندوبست' غوروفکر' انتظام
تدین	Tedin	ف	دیانتداری' ایمانداری' پرہیزگاری
تذہیب	Tezhib	ع	ملمع سازی' سونے کا ملمع کرنا
ترقب	Teraqqab	ع	توقع' انتظار' آس' امید
تراب	Terab	ع	خاک' مٹی' زمین' حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابوتراب
تراضی	Terazi	ع	باہم رضامند ہونا' آپس میں راضی ہونا
ترصد	Tersud	ع	امید' آس' توقع
ترفق	Terfaq	ع	نرمی' مہربانی کرنا' کرم کرنا
ترقیم	Terqeem	ع	تحریر' لکھنا' رقم کرنا
ترفید	Terfid	ع	سردار ماننا' سربراہ بنانا' بزرگ بنانا
تزئین	Tazaeen	ع	مزین ہونا' آراستہ ہونا' زیبا ہونا
تذکیر	Tazkier	ع	نصیحت کرنا' یاددلانا
تزاہر	Tazahir	ع	روشن ہونا' درخشاں' منور ہونا' چمکنا
تزلق	Tazlaq	ع	اپنے آپ کو تیار کرنا' اچھی طرح سنورنا
تزاعم	Tazaim	ع	ایک دوسرے کی مدد کرنا
تسکین	Taskin	ع	سکون' آرام' اطمینان' راحت
تسوید	Tasweed	ف	لکھنا' قلمبند کرنا' تحریر کرنا
تسمین	Tasmin	ع	توانا کرنا' موٹا کرنا' فربہ کرنا
تسنیم	Tasneem	ع	جنت کی ایک نہر کا نام
تسلیم	Tasleem	ع	آداب کرنا' سلامت رکھنا' سلام کرنا' گردن جھکانا' ماننا' سونپ
تسدید	Tasdeed	ع	مضبوطی' درستی' مضبوط کرنا
تسہیل	Tasheel	ع	آسانی' سہل کرنا' آسان کرنا

تستیر	Tastir	ع	پردہ ڈالنا' چھپانا' پوشیدہ کرنا' مخفی کرنا
تسمیم	Tasmeem	ع	مضبوط' ٹھوس
تسمیع	Tasmee	ف	سنوارنا' سنانا
تشہیر	Tashhir	ع	شہرت دینا' مشہور کرنا' عام کرنا
تشریف	Tashrif	ف	شرف دینا' احترام دینا' عزت دینا
تشبیہ	Tashbih	ع	مشابہت' نظیر' مثل' مماثلت
تشاہد	Teshahid	ع	حاضر ہونا' گواہی دینا
تشفیع	Teshfih	ع	سفارش کرنا' شفاعت کرنا
تشمیر	Teshmir	غ	چوکس ہونا' مستعد ہونا
تصویر	Tesweer	ف	صورت' مورت' شبیہ
تصمیم	Tesmim	ع	پکا کرنا' مضبوط کرنا' خالص کرنا
تصعید	Taseed	ع	بلند ہونا' اونچا ہونا' بالا ہونا
تصور	Tasawwer	ف	خیال' سوچ
تصغیر	Tasgheer	ع	چھوٹا ہونا
تصدق	Tasaddaq	ع	قربانی دینا۔ نچھاور ہونا۔ صدقہ دینا
تصدیق	Tasdiq	ع	درست۔ سچ بتانا۔ حقیقت کہنا۔ اثبات۔ صحت
تصدیر	Tasdir	ع	آغاز کرنا' شروع کرنا
تصویب	Tasweeb	ع	سچ کہنا' ٹھیک رکھنا' درست رکھنا
تطویل	Tatweel	ع	فراخی' وسعت' کشادگی
تطہیر	Tethir	ع	صاف کرنا' منزہ کرنا' پاک کرنا
تظاہر	Tezahir	ع	ایک دوسرے کی مدد کرنا
تعظیم	Tazeem	ع	تکریم' عزت' ادب' بزرگی' احترام
تعمیر	Tamir	ع	مکمل کرنا' بنانا' قائم کرنا
تعظم	Tazim	ع	بڑائی' بزرگی' عظمت

تعمیق	Tameeq	ع	نتیجہ سوچنا' انجام سوچنا' غور و فکر کرنا
تفسیر	Tafseer	ع	شرح' تشریح' توضیح' بیان
تفضیل	Tafzeel	ع	فضیلت دینا' ترجیح دینا' فوقیت دینا
تفضل	Tafassal	ع	فضیلت' بزرگی' بڑائی
تفیذ	Tafeez	ع	ناز' انداز' نخرہ' ادا
تفہیم	Tafhim	ع	عقل میں لانا' سمجھانا' ادراک' سمجھ' شعور
تفرس	Tafarrus	ع	دانائی' سمجھداری' عقلمندی
تفوق	Tafawaq	ع	ترجیح' افضیلت' فوقیت
تقویم	Taqweem	ع	ٹھیک کرنا' تصحیح کرنا' درست کرنا' قائم کرنا
تقدس	Taqaddas	ع	پارسائی' پاک' پاکیزگی
تقبل	Taqabbal	ع	قبول کرنا' منظور کرنا
تقی	Taqi	ع	پاکیزہ' پرہیز گار' نویں امام محمد تقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کا مزار بغداد شریف میں ہے
تقدم	Taqaddam	ع	آگے بڑھا ہوا' پیش قدمی
تکلیم	Taqlim	ع	کلام کرنا' بات کرنا' گفتگو کرنا
تکمیل	Takmil	ع	کامل کرنا' پورا کرنا' مکمل کرنا
تکفیل	Takfil	ع	ضمانت دینا' کفالت کرنا' ضامن بننا
تکش	Taksh	ت	ترکی کے ایک بادشاہ کا نام
تگین	Tagin	ف	سلطان محمود غزنوی کے والد کا نام سب تگین
تلام	Tilam	ع	اطاعت کرنے والا' فرمانبرداری کرنے والا' خدمت کرنے والا
تلمیذ	Talmiz	ع	شاگرد' حاجت' ضرورت' طالب
تلقین	Talqeen	ع	تعلیم دینا' سمجھانا' ہدایت دینا' ریڈیو پاکستان کا ایک مشہور کردار تلقین شاہ جسے مشہور ادیب اشفاق احمد ادا کرتے تھے۔
تلیمان	Taliman	ف	ایک ایرانی نام

تمیمہ	Tamima	ع	ایک صحابی رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم مبارک
تمدیح	Tamdih	ع	بہت توصیف کرنا' بہت مدح کرنا' بہت ستائش کرنا' بہت تعریف کرنا
تمجید	Tamjeed	ع	فضیلت' بڑائی' بزرگی
تمویل	Tamweel	ع	دولت مند کرنا' مالدار کرنا
تمرین	Tamreen	ع	مشق' حلیم بنانا' نرم بنانا
تمیز	Tamiz	ع	امتیاز' فرق' پرکھ' شعور' سمجھ' پہچان' مغربی پاکستان اسمبلی کے سابقہ اسپیکر مولوی تمیزالدین
تمیم	Tamim	ع	توانا' مضبوط' لمبے قد والا' مشہور صحابی حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ
تمدین	Tamdin	ع	خوشحال ہونا' آسودہ حال ہونا' اچھے حال میں ہونا
تمکین	Tamkin	ع	زور' ہمت' طاقت' مرتبہ' رتبہ
تمکنت	Tamkanat	ع	اثر' دبدبہ' رعب' قدرت
تماظر	Tamazir	ع	عیاں ہونے والے' ظاہر ہونے والے' آشکارا ہونے والے
تمدید	Tamdid	ع	اضافہ کرنا' بڑھانا' دراز کرنا
تنویر	Tanwir	ف	روشنی' چمک' نور' مشہور پاکستانی شاعر تنویر کاظمی
تنصیف	Tanseef	ع	آدھا کرنا' نصف کرنا
تنظیر	Tanzir	ع	مثل بنانا' مثال لانا' نظیر بنانا
تنفیذ	Tanfiz	ف	فرمان جاری کرنا' حکم جاری کرنا
تنفیر	Tanfir	ع	پیار و محبت سے پالنا' ناز و نعم سے پالنا' تازہ روٹی
تنظیم	Tanzim	ع	بندوبست کرنا' نظم و نسق کرنا' انتظام کرنا' ایک نام تنظیم حسن
تنزیل	Tanzil	ع	نازل کرنا' نزول کرنا' اتارنا' ایک نام تنزیل الرحمٰن
تنشیط	Tanshit	ع	خوش کرنا' باغ باغ ہونا
تنویل	Tanweel	ع	دینا' عنایت کرنا' عطا کرنا

توشیخ	Toshikh	ع	سجاوٹ کرنا' آرائش کرنا' سنوارنا' زیبائش کرنا
توفیل	Toufeel.	ع	زیادہ کرنا' اضافہ کرنا' بڑھانا
توسل	Tawassal	ع	ذریعہ' سبب' وسیلہ
تواجد	Tawajad	ع	وجد' بے خودی
توثیق	Tauseeq	ع	پکا کرنا' سخت کرنا' مصمم کرنا' مضبوط کرنا
تواب	Tawaab	ع	توبہ قبول کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام' مشہور عالم دین مولانا عبدالتواب صدیقی
توخی	Tukhee	ع	ڈھونڈنا' ارادہ کرنا' نیت کرنا' قصد کرنا' تلاش کرنا
توکل	Tawakkal	ع	یقین کامل' بھروسہ' تکیہ کرنا' اعتماد کرنا' ایک نام توکل اللہ
توصیف	Tauseef	ع	صفت بیان کرنا' وصف بیان کرنا' اچھائی بیان کرنا' خوبی بیان کرنا' تعریف کرنا
توفیر	Taufeer	ع	زیادتی' اضافہ' فراوانی
توقد	Tawaqad	ع	منور' روشن' پُر نور' تیز طبع
توفیق	Taufeeq	ع	طاقت' ہمت' حوصلہ
توحید	Tauheed	ع	وحدانیت' ایک ماننا' واحد ماننا' ایک سمجھنا
توسیم	Tauseem	ف	موجود ہونا' نکل آنا' عیاں ہونا' حاضر ہونا
توسید	Tauseed	ع	کسی کے لئے تکیہ رکھنا' کسی کے لئے بھروسہ رکھنا
توضیح	Tauzih	ع	روشنی' چمک' نور
توقیر	Tauqeer	ع	تعظیم' عزت' ادب' احترام' وقعت' تکریم
توکیل	Taukeel	ع	سونپنا' ذمے لگانا' وکیل و مختار بنانا
تہور	Tahoor	ع	جرأت' بہادری' مردانگی' دلیری' شجاعت' مشہور پاکستانی شکاری تہور علی خان
تہام	Tiham	ع	مضبوط' نڈر' دلیر' جری' بہادر' شجاع

تہامی	Tihami	ع	حضور نبی کریم ﷺ کا لقب مبارک' مکہ مکرمہ کو اتہام بھی کہتے ہیں
تہمورس	Tehmoores	ف	ایک ایرانی نام
تہذیب	Tehzib	ع	شائستگی' آراستگی' انسانیت' صفائی' درست کرنا' ایک نام تہذیب الحسن
تیمار	Timar	ف	دکھ بانٹنے والا' غم خوار' غمگسار
تیمور	Taimour	ت	فولاد' مشہور فاتح بادشاہ تیمور لنگ
تیسیر	Taiseer	ن	آسان فہم' اطمینان' سکون' سہل
تیمن	Tayamman	ع	تبرک' برکت حاصل کرنا

ث

نام	Name	اصل	معنی
ثابت	Sabet	ع	مضبوط، قائم، مکمل، پورا، مستقل، سچا، یقین، اعتماد، بھروسہ، برقرار، مشہور صحابی رسول ﷺ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ثائر	Sair	ع	قصاص لینے والا، بدلہ لینے والا
ثاقل	Saqil	ع	بھاری، وزنی
ثامن	Samin	ع۔ف	آٹھواں، ہشتم
ثانی	Sani	ع	دوسرا، دوم، ہمسر، مقابل، ہم پلہ
ثادق	Sadiq	ع	ابر باراں، بادل، گھٹا، بارش والا بادل
ثائب	Saib	ع	درخشاں، چمک والا، چمکیلا، روشن، منور
ثالث	Salis	ع	فیصلہ کرنے والا، پنچ، تیسرا، بیچ میں پڑنے والا
ثامر	Samir	ف	پھل دار درخت
ثبات	Sabat	ع	پائیداری، پختگی، مضبوطی، قرار
ثروت	Serwet	ع	دولت، مال و زر
ثقلین	Saqlain	ع	دونوں جہاں، دو گروہ، مخلوق یعنی انسان اور جن
ثقابت	Saqabat	ع	روشن، چمکیلا، منور، شوخ، سُرخ
ثقیف	Saqeef	ع	چست، چالاک، دانا، تیز، طرار، عقلمند
ثقات	Saqat	ع	معتبر لوگ، معزز لوگ، ثقہ کی جمع، قابل اعتبار لوگ
ثمن	Samn	ع	قیمت، دام، قدر
ثمال	Samal	ع	کارگزار انسان، فریادرس
ثمین	Samin	ع۔ف	بیش قیمت، گراں بہا، قیمتی
ثمد	Samd	ع	تھوڑا پانی
ثمار	Simar	ع	پھل کی جمع

ثمر	Samr	ع	پھل' نتیجہ' انجام
ثمیر	Sameer	ف	میوہ دار' پھل دار
ثناءاللہ	Sanaullah	ع	اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنے والا' ایک مشہور عالم مولانا ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
ثوبان	Soban	ع	واپس آنا' پلٹ آنا' لوٹنا' صحابی رسول ﷺ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ثوری	Sauri	ع	قبیلہ ثور سے تعلق رکھنے والا' مشہور ولی اللہ حضرت سفیان ثوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ثوابت	Sawabet	ع	حرکت نہ کرنے والے ستارے
ثوب	Zhob	ع	لباس' پوشاک
ثیاب	Zhayab	ع	پوشاک' لباس' کپڑا

ج

جابر	Jabar	ع	زبردست، جبر کرنے والا، مشہور صحابی حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
جالب	Jalab	ع	اپنی طرف کھینچ لینے والا، مشہور شاعر حبیب جالب
جان	Jaan	ف	طاقت، زندگی، روح، ایک نام جان محمد
جاول	Jawal	ع	جنگجو، لڑنے والا
جاسر	Jasar	ع	آگے بڑھنے والا، بہادر، دلیر، نڈر، جری، شجاع
جاعل	Jaal	ع	پیدا کرنے والا، بنانے والا، تخلیق کرنے والا
جایان	Jayan	ف	نرم دل، کمزور دل
جامع	Jameh	ع	جمع کرنا، حاوی، اکٹھا کرنا
جامد	Jamad	ع	ٹھوس، جما ہوا، مضبوط، سخت
جالس	Jalas	ع	بٹھانے والا، بیٹھنے والا
جاہ	Jah	ف	رتبہ، جلال، حشمت، مرتبہ، عزت، ایک نام آصف جاہ
جامی	Jami	ع	جام سے تعلق رکھنے والا، مشہور بزرگ اور مصنف مولانا عبدالرحمٰن جامی
جازم	Jazam	ع	مضبوط ارادہ کرنے والا، پکا ارادہ کرنے والا
جاسم	Jasam	ع	تنومند، مضبوط، گرانڈیل، توانا، طاقتور
جائش	Jaish	ع	اعلیٰ، عمدہ، نفیس
جازع	Jazeh	ع	مصمم ارادہ کرنے والا، مضبوط ارادہ کرنے والا
جاذل	Jazal	ع	سیدھا کھڑا ہونے والا، خوش وخرم
جاذب	Jazab	ع	پرکشش، جذب کرنے والا
جاد	Jad	ع	سنجیدہ، محنتی

نام	English	زبان	معنی
جبان	Jaban	ع	کمزوردل والا
جبال	Jabaal	ع	جبل کی جمع پہاڑ
جبران	Jabran	ع	معاوضہ' عوض' تلافی' موازنہ' تاوان' لبنان کے مشہور فلسفی مصنف خلیل جبران
جبار	Jabbar	ع	ٹوٹے کو جوڑنے والا' جبر کرنے والا' اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ سے ایک نام
جبروت	Jabroot	ع	بزرگی وعظمت' جاہ وجلال
جبریل	Jabriel	ع	اس مشہور جلیل القدر فرشتے کا اسم مبارک جو اللہ تعالیٰ اور پیغمبروں کے مابین وسیلے کا کام دیتے تھے اور اللہ تعالیٰ کا پیغام پیغمبروں تک پہنچاتے تھے آپ کو روح الامین بھی کہا جاتا ہے
جبیر	Jabeer	ع	جابر' زبردست
جدیر	Jadeer	ع	لائق' قابل' سزاوار' احاطہ
جدار	Jidar	ع	دیوار' فصیل
جذیر	Jazeer	ع	مناسب' لائق' موزوں
جزیل	Jazeel	ف	پائیدار' مضبوط' بہت
جروان	Jarwan	ع	خوگر' عادی
جرار	Jarrar	ع	دلیر' بہادر' شجاع' جری' کھینچنے والا
جریم	Jareem	ف	موٹا' بڑے تن والا' بڑی جسامت والا
جرید	Jareed	ف	پیغام رساں' پیامبر' نامہ بر' قاصد
جرأت	Jurrat	ع	دلیری' شجاعت' بہادری
جریس	Jarees	ع	سفر کی تیاری کرنے والا
جزاکت	Jazakat	ع	بزرگی' بڑائی' خوبی' پائیداری' مضبوطی
جذلان	Jazlan	ف	خوش وخرم' شاداں وفرحاں' پُر مسرت
جذول	Jazool	ع	پُرمسرت' خوش رہنے والا' شادمان

جزاک اللہ	Jazakallah	ع	اللہ تجھے جزا دے' اللہ تجھے اجر دے
جسور	Jaswer	ع	دلیری' بہادر' جرأت مند' جری' نڈر
جسیم	Jaseem	ع	بڑی جسامت والا' گرانڈیل' موٹے جسم والا
جسام	Jusaam	ع	فربہ' موٹا' بڑی جسامت والا
جساس	Jusaas	ع	بڑی جستجو کرنے والا' بڑا تجسس کرنے والا
جصاص	Jasaas	ع	عمارت کی آرائش کرنے والا' فقہ حنفی کے ایک مشہور فقیہ کا لقب
جعفر	Jaffer	ع	ندی' نالہ' مشہور صحابی حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ جن کے ساتھ مسلمانوں نے حبشہ ہجرت کی تھی یہ حضور نبی کریم ﷺ کے چچازاد بھائی بھی تھے۔
جعفری	Jafferi	ف	زرد رنگ کا پھول' گیندا
جگر	Jigr	ف	طاقت' کلیجہ' زور' اختیار' آس' امید' قوت' بھارت کے مشہور شاعر جگر مراد آبادی
جلال	Jalal	ع	عظمت' بڑائی' بزرگی' مشہور ولی اللہ مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جن کا مزار قونیہ میں ہے
جلالت	Jalalat	ع	بزرگی' رعب ودبدبہ' غصہ' بڑائی' شان وشوکت
جلمد	Jalmad	ف	مضبوط' طاقتور' سخت' ٹھوس
فقید	Faqid	ع	معدوم، نایاب، نادر
فقیہ	Faqih	ع	عالم، دانا، دانشمند
فقیر	Faqeer	ع	نادار، مفلس، لاہور کی ایک بزرگ شخصیت فقیر عزیز الدین قادری نوشاہی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عہد میں گزرے ہیں۔ مزار مبارک کوچہ فقیر خانہ اندرون بھاٹی گیٹ لاہور میں واقع ہے۔
فکیر	Fakeer	ع	بہت غور و فکر کرنے والا
فکرت	Fikret	ف	فکر، سوچ
فلکی	Falki	ع	آسمانی، سماوی
فلاح	Falah	ع	نیکی، بھلائی، خیریت، بہتری
فوق	Fauq	ع	بلند، بالا، اونچا، سبقت، فضیلت
فوزان	Fozan	ع	فتح پانے والے، کامیابی و کامرانی حاصل کرنے والے، کامیاب و کامران
فوات	Fawat	ت	قلب، دل
فوقا	Foqa	ع	بلند و بالا، اونچا
فوز	Foze	ع	فتح، کامیابی، رہائی، آزادی، جیت
فواز	Fawaz	ع	فتح حاصل کرنے والا، کامیابی حاصل کرنے والا
فوار	Fawar	ع	گرم جوش، انتہائی جوشیلا
فواد	Fawad	ع	دل، قلب
فہیم	Fahim	ف	دانشمند، سمجھدار، عقلمند، دانا، عاقل
فہام	Faham	ف	نہایت دانا، بڑا سمجھدار، بہت عقلمند
فہمی	Fahmi	ف	عقلمند، سمجھدار، عاقل، دانا، دانشمند
فہد	Fahd	ع	چیتا، تیندوا، سعودی عرب کے حکمران شاہ فہد بن عبدالعزیز
فہمید	Fahmid	ف	عقل، سمجھ، شعور، دانش، ہوشیار، زیرک

فیضی	Faizi	ع	فیض پانے والا' نفع پانے والا' فیض سے نسبت رکھنے والا' مغل شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے دربار کا ایک اہم درباری فیضی
فیاض	Fayaz	ع	سخی' دریا دل' فیض پہنچانے والا' نفع پہنچانے والا' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت خواجہ فیاض رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک لکھوڈ ہر سے باہر دریائے راوی کی طرف واقع ہے۔
فیروزنین	fairoznin	ف	نیک کام' مبارک کام' اچھا کام
فیض	Faiz	ع	فائدہ' نفع' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت بابا فیض علی شاہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک مال روڈ پر واقع پنجاب کلب میں ایک کمرہ کے اندر ایک کونہ میں واقع ہے۔
فیاش	Fayash	ع	سردار' بہت مرتبہ والا' بہت بزرگی والا' بڑی فضیلت والا
فیضان	Faizan	ع	بڑا فائدہ' بڑا نفع' بڑی بخشش
فیصل	Faisal	ع	فیصلہ کرنے والا' حکم' حاکم' سعودی عرب کے سابق فرمانروا شاہ فیصل بن عبدالعزیز
فیوض	Fayooz	ع	نیکیاں' برکات' بخشش' فائدے
فیروز	Faroza	ف	فتح مند' کامیاب و کامران' حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد سے لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شاہ فیروز گیلانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مغل بادشاہ ظہیر الدین بابر کے عہد میں وصال فرمایا۔
فیمان	Faiman	ع	عہد و پیمان' وعدہ' اقرار
فیاد	Fayad	ع	اترا کر چلنے والا' فخر سے چلنے والا
فیلسوف	Fayalsofe	یو	دانشمند' عقلمند' دانا' سمجھدار
فیفا	Fifa	ع	جنگل' بن' بیابان
فیض بخش	FaizBaksh	ف	نفع پہنچانے والا' فائدہ پہنچانے والا
فیروزمند	FerozMand	ف	خوش قسمت' فتح مند' کامیاب' جیتا ہوا
فیروز بخت	FerozBakht	ف	اچھے نصیب والا' خوش قسمت' خوش نصیب

ق

قائد	Qaid	ع	لیڈر' رہنما' امیر' سردار
قاچار	Qachar	ف	ایران کے قدیم شاہی خاندان کا نام
قاری	Qari	ع	قرأت کرنے والا' پڑھنے والا' خوش الحان
قاجف	Qajif	ع	شدید آندھی' طوفان
قاہر	Qaher	ع	قہر والا' زبردست' شدید' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
قاضی	Qazi	ع	جج' منصف' انصاف کرنے والا' تحریک پاکستان کی ایک مشہور شخصیت قاضی عیسیٰ۔
قانت	Qanat	ع	خاموش' فرمانبردار' تابعدار' چپکا' اطاعت گزار
قادرین	Qadrin	ع	قدرت والے' طاقت والے
قاص	Qas	ع	آنے والی خبر دینے والا' پیش گوئی کرنے والا' قصہ خواں
قادر	Qadir	ع	طاقت رکھنے والا' قدرت رکھنے والا' اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک صفاتی اسم مبارک غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ مزار مبارک بغداد شریف میں واقع ہے۔
قائم	Qaim	ع	موجود' حاضر' پکا' مضبوط' ایک نام قائم نقوی
قاسم	Qasim	ع	تقسیم کرنے والا' بانٹنے والا' حضور نبی کریم ﷺ کے ایک صاحبزادہ کا اسم مبارک۔ آپ کا وصال بچپن ہی میں ہو گیا تھا
قاثم	Qasem	ع	دینے والا' عطا کرنے والا' عنایت کرنے والا
قارف	Qaref	ع	قریب آنا' پاس آنا' نزدیک آنا
قابوس	Qaboos	ع	خوبصورت' گورا' حسین و جمیل گورا آدمی' مسقط آف اومان کے ایک حکمران سلطان قابوس۔
قآن	Qaan	ف	جج' عادل' منصف' فیصلہ کرنے والا' سمجھدار' دانشمند' عقلمند' دانا' عاقل

قابل	Qabel	ع	پسندیدہ لائق اہل موزوں
قاصر	Qaser	ع	مجبور لاچار پشاور کے ایک ادیب کا تخلص غلام محمد قاصر
قاعف	Qaaf	ع	شدید بارش موسلا دھار بارش سیلاب
قادس	Qades	ع	بڑی ناؤ بڑی کشتی
قاصد	Qasid	ع	ایلچی ارادہ کرنے والا ایک نام قاصد الاسلام
قابض	Qabez	ع	قبض کرنے والا اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی اسم مبارک
قانی	Qani	ع	انتہائی سرخ بہت زیادہ سرخ
قارب	Qareb	ف	چھوٹی ناؤ کشتی
قانع	qaney	ع	صابر صبر کرنے والا قناعت کرنے والا
قاموس	Qamoos	ع	گہرا دریا
قالب	Qalib	ع	جسم بدن ڈھانچہ سانچہ رنگ
قاطِر	Qatir	ع	ٹپکنے والا
قاضِب	Qazib	ع	انتہائی تیز تلوار بہت زیادہ کاٹنے والی تلوار
قارن	Qaren	ف	مغل شہنشاہ جلال الدین اکبر کے دربار کا ایک درباری عبدالرحیم خانخاناں کے بیٹے کا نام۔
قابیل	Qabeel	ع	حضرت آدم علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام۔
قبیل	Qabeel	ع	خاندان گروہ کنبہ کفیل ضامن نسل قسم
قباد	Qabad	ف	بڑا بادشاہ ایران کے بادشاہ نوشیرواں کے والد کا نام
قتیل	Qateel	ع	شہید مقتول اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینے والا
قحطان	Qehtan	ع	حضرت نوح علیہ السلام کے پڑپوتے کا نام
قتادہ	Qatadeh	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے ایک جانثار صحابی حضرت قتادہ بن نعمان انصاریؓ۔ قبیلہ اوس کی شاخ بنوظفر سے تعلق رکھتے تھے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں وصال فرمایا۔ نماز جنازہ حضرت عمرؓ نے پڑھائی۔

قدوم	Qidoom	ع	بڑا اقدام اٹھانے والا' جری' دلیر' شجاع' بہادر
قدسی	Qudsi	ع	پاک' نیک' مقدس
قدیس	Qadees	ع	موتی' گوہر
قدوس	Quddoos	ع	ہر عیب سے منزہ' ہر نقص سے پاک' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک۔
قدیر	Qadeer	ع	طاقت والا' قدرت رکھنے والا' زور آور' طاقتور' قادر' صاحب قدرت' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک' ایک نام عبدالقدیر رشک
قدرت	Qudret	ع	طاقت' زور' ''شہاب نامہ'' کے مصنف قدرت اللہ شہاب
قذاف	Qidaf	ع	تیز چلنے والا' تیز رفتار' سبک رفتار
قدر	Qadr	ع	اندازہ' حکم' وقعت' حیثیت
قدار	Qadaar	ع	ہر شے کی انتہا' آخری حد
قدوہ	Qidwah	ع	رہنما' پیشوا' رہبر' سردار' امیر' امام' برگزیدہ
قدام	Qadam	ع	سردار' بزرگ' امیر' برگزیدہ' ہمیشگی
قروز	Qirwah	ع	یخ پانی' ٹھنڈا پانی
قربان	Qarban	ع	صدقہ' اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینا' ایک نام قربان جیلانی
قراب	Qarab	ع	غلاف' میان' تلوار رکھنے کا خول
قریشی	Qureshi	ع	قبیلہ قریش سے تعلق رکھنے والا
قریب	Qarib	ع	پاس' نزدیک
قرطاس	Qartas	ع	کاغذ' صفحہ
قرین	qarin	ع	ہم نشیں' رفیق' دوست' ہم عمر' ساتھی
قریص	Qaris	ع	کشتی کا لنگر
قریر	Qareer	ع	خوش وخرم' سرسبز وشاداب' ٹھنڈا' یخ
قروط	Qaroot	ع	چھوٹے قدم اٹھانے والا
قرمز	Qirmiz	ع	لال رنگ' سرخ رنگ

قراول	Qiradul	ت	شکار کرنے والا' شکاری' امیر لشکر
قراح	Qurah	ع	صاف پانی' خالص' منزہ
قرنی	Qarni	ع	گیسوؤں والا' زمانہ شناس' قرن سے تعلق رکھنے والا۔ حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کو سہیل یمنی بھی کہا جاتا ہے
قزافی	Qazafi	ع	کھلے جنگل کا باسی' کشادہ جنگل کا رہائشی
قزلباش	Qhzazbash	ت	سرخ سر' لال سر والا' قدیم ایران کی اس فوج کا نام جو بارہ گوشوں کی سرخ ٹوپی پہنتی تھی۔ یہ شاہ اسماعیل صفوی کی فوج کے سپاہی تھے۔ ان کی اولاد قزلباش کہلاتی ہے۔
قزل	Qizel	ت	سرخ' لال
قزاز	Qizaz	ع	ریشم فروخت کرنے والا
قسورہ	Qasoorah	ع	غلبہ پانے والا' غالب' شیر
قسام	Qasaam	ع	تقسیم کرنے والا' قسم کھانے والا' بانٹنے والا
قسامت	Qasamat	ع	حسن' جمال' خوبصورتی
قسیم	Qaseem	ع	تقسیم کرنے والا' بانٹنے والا' قسمت بنانے والا' مقدر چمکانے والا' خوبصورت' حسین' حصہ دار۔
قشون	Qishun	ت	فوج کا گروہ' رسالہ
قصیر	Qasir	ع	چھوٹے قد والا' ناٹے قد والا' پستہ قد' کوتاہی کرنے والا
قصیب	Qasib	ع	موصل کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ قصیب البان موصلی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مرید تھے۔ 570ھ میں وصال فرمایا۔ مزار مبارک موصل عراق میں ہے۔
قصار	qasaar	ع	ایک ولی اللہ حضرت حمدون قصار رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ آپ کا مزار مبارک ہرات میں ہے۔
قضیب	Qazib	ع	تیز تلوار

قضاب	Qazab	ع	تیز تلوار
قطیف	Qatif	ع	منتخب شدہ پھول' چنا ہوا پھول
قطب	Qutb	ع	ولی اللہ بزرگ' سردار' افضل' اعلیٰ' مشہور ولی اللہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کا کی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ جو کہ حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے مرشد تھے۔
قعید	Qaeed	ع	ساتھی' دوست' ہم نشین۔
قلندر	Qalander	ف	آزاد آدمی' سندھ کے مشہور ولی اللہ قلندر لعل شہباز رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک سیہون شریف میں واقع ہے۔
قلب	Qalb	ع	دل' ایک نام قلب عباس۔
قلیچ	Qalich	ف	شمشیر' تلوار
قلقان	Qulqan	ف	سپر' ڈھال
قلادز	Quladz	ت	رہبر' رہنما' راستہ بتانے والا
قلیب	Qalib	ع	کنواں
قیمن	Qamin	ع	قابل' لائق' اہل' موزوں' تیز رفتار
قمر	Qamer	ع	چاند' مہتاب' تاریخی ناول نگار قمر اجنالوی
قمرین	Qamrin	ع	سورج اور چاند
قمیس	Qamis	ع	سمندر' بحر
قمران	Qamran	ع	چاند اور سورج' آفتاب و مہتاب
قمقام	Qamqam	ع	قوم کا پیشوا' قوم کا سردار' دریا
قمروش	Qamrosh	ف	چاند جیسا حسین
قندیل	Qandil	ع	فانوس' ترکش' ایک نام قندیل حسن
قنوع	Qanoo	ع	صابر و شاکر' صبر کرنے والا' قناعت کرنے والا
قنطر	Qantar	ع	اونچی عمارت' پل
قنبر	Qanber	ع	پروں کی کلغی' حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک غلام کا نام

قوی	Qawi	ع	مضبوط' توانا' طاقتور' قوت والا' ایک نام محمد قوی خان۔
قویم	Qawim	ع	پائیدار' مضبوط' استوار' سیدھا
قوسی	Qosi	ع	کمان والا
قوت	Quwwat	ع	طاقت' زور
قوسین	Qosain	ع	دو کمانیں
قہرمان	Qehrman	ف	خزانچی' خازن' حاکم
قیس	Qais	ع	دیوانہ' مجنوں' عاشق' مشائخ کبار میں سے ایک ولی اللہ حضرت شیخ حیوۃ حرانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے والد کا نام۔ آپ حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں گزرے ہیں۔ 551ھ میں وصال فرمایا۔ قبر مبارک موضع حران میں واقع ہے۔
قیصر	Qaiser	ع	حکمران' والی سلطنت' حکومت کرنے والا
قینات	Qainat	ع	ایلچی' پیغامبر' قاصد
قیوم	Qayyum	ع	قائم رہنے والا' قائم کرنے والا' حفاظت کرنے والا' نگہبان' نگران' منتظم' زندہ' اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی اسم مبارک۔
قیماز	Qimaz	ت	خدمتگار' غلام
قیم	Qaim	ع	نگاہ رکھنے والا' قائم کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام
قیام	Qayam	ع	ٹھہرنا' رہنا' قائم ہونا' سکونت' پائیداری' مضبوطی' استقلال' بھروسہ' اعتماد
قیفال	Qaifal	ع	سردار

ک

کامران	Kamran	ع	کامیاب' فاتح' جیتا ہوا' فتح مند' ایک مغل شہزادہ کامران جس نے دریائے راوی کے کنارے بارہ دری بنوائی تھی۔
کاظمین	Kazmin	ع	غصے کو پی جانے والے
کاثر	Kasir	ع	کثرت پر غلبہ پانے والا' کثیر پر قابو پانے والا
کاظم	Kazim	ع	غصے کو ضبط کرنے والا' غصے کو پی جانے والا' ساتویں امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کا انتقال خلیفہ ہارون الرشید کے قید خانہ میں ہوا تھا۔ مزار مبارک بغداد شریف عراق میں ہے
کابد	Kabed	ع	مشقت برداشت کرنے والا
کارز	Karz	ع	خطیب' واعظ' وعظ کرنے والا
کاعب	Kaab	ع	نزدیک ہونا' پاس ہونا' قریب ہونا
کاسف	Kasif	ع	ترش رو' کھنا' چھپانے والا
کاوس	Kaoos	ف	ایران کے ایک بادشاہ کیکاوس کا نام جو کہ مشہور پہلوان رستم کا آقا تھا۔
کاتب	Kateb	ع	لکھنے والا' محرر' خوش نویس
کافل	Kafel	ع	برداشت کرنے والا' غصہ پی جانے والا' غصہ ضبط کرنے والا' تحمل کرنے والا' بردبار
کاتف	Katef	ع	ناپسند کرنے والا
کاجب	Kajeb	ع	کثیر' بہت' کافی' وافر
کاشف	Kashif	ع	آشکارا کرنے والا' عیاں کرنے والا' ظاہر کرنے والا
کاشر	Kasher	ع	آپس میں ہنسنے والا' ایک نام سلیم کاشر

کاردار	Kardar	ف	عہدہ دار' منصب دار' پاکستان کی قومی کرکٹ ٹیم کے پہلے کپتان عبدالحفیظ کاردار۔
کانس	Kanes	ع	ہمیشہ حفاظت میں رہنے والا' ہمیشہ پناہ میں رہنے والا
کابر	Kaber	ع	سردار' بلند مرتبہ
کانب	Kanb	ع	آسودہ' خوشحال
کاشد	Kashed	ع	محنت سے روزی کمانے والا
کامل	Kamel	ع	مکمل' تمام' پورا' اکمل' ایک ولی اللہ حضرت سید کامل شاہ قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک بابو صابو لاہور میں واقع ہے۔
کامگار	Kamgar	ف	کامیاب و کامران
کاشانی	Kashani	ف	ایران کے شہر کاشان کا رہنے والا
کاسر	Kasir	ع	توڑنے والا
کارسِخ	Karsikh	ف	عقلمند' دانشمند' قابل' صاحب لیاقت
کاتم	Katem	ع	چھپانے والا
کبریا	Kibria	ع	عظمت' بڑائی' بزرگی
کبیر	Kabir	ع	بڑا' بزرگ' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ کبیر قادری نوشاہی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک لاہور میں ہے۔
کبار	Kabar	ع	بزرگ' بڑا' برگزیدہ
کبشہ	Kabshah	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے ایک غلام کا نام ابو کبشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ تمام غزوات میں شریک رہے۔ جس دن حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ منتخب ہوئے اسی روز ۱۳ھ میں وصال فرمایا۔
کبوس	Kaboos	ع	زین پوش
کتیب	Kateeb	ع	مکتوب' تحریر شدہ' لکھا ہوا

کتوم	Katoom	ع	راز چھپانے والا' بھید کی حفاظت کرنے والا
کتمان	Kitman	ع	پردے میں' چھپا ہوا' پوشیدہ' پوشیدگی
کتیف	Katif	ع	چوڑی شمشیر' چوڑی تلوار
کثیم	Kasim	ع	نزدیک ہونا' قریب ہونا' پاس ہونا
کثار	Kasar	ع	گھنی داڑھی والا
کحیل	Kahil	ع	جس نے آنکھوں میں سرمہ لگایا ہوا ہو
کرامت	Karamet	ع	انوکھی بات' بڑائی' بزرگی' نوازش' حیرت انگیز' وہ حیران کن فعل جو انسانی عقل میں نہ آئے اور کسی ولی اللہ سے سرزد ہو۔
کریم	Karim	ع	مہربانی کرنے والا' کرم کرنے والا' سخی' اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی اسم مبارک۔ لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت سید کریم شاہ سہروردی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ قبر مبارک باغبانپورہ لاہور نزد کوٹھی میاں معراج دین واقع ہے۔
کرار	Karar	ع	بار بار حملہ کرنے والا' حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب مبارک
کران	Kiran	ف	سرا' کنارہ' بربط
کروبی	Karobi	ع	مقرب فرشتہ
کرم	Karem	ع	ہمت' مہربانی' لطف و عنایت' جوانمردی' لاہور کے ایک ولی اللہ سید کرم شاہ ولی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک جی ٹی روڈ پر شازولیبارٹریز کے سامنے بائیں ہاتھ ریلوے کی کوٹھیوں کے ساتھ واقع ہے۔
کرخی	Karkhi	ع	کرخ کا رہنے والا' منسوب بہ کرخ' مشہور ولی اللہ حضرت شیخ معروف کرخی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کا مزار مبارک بغداد شریف عراق میں ہے۔

کرام	Karam	ع	بلند مرتبہ' ذی مرتبہ لوگ' جوانمرد' سخی' مغل شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے دور کے ایک ولی اللہ حضرت سید کرام الدین قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کا سلسلہ نسب حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے چند واسطوں سے جا ملتا ہے۔ مزار مبارک جیل روڈ پر ایک اونچے ٹیلے پر واقع ہے۔
کرمانی	Kermani	ع	مہربانی کرنے والا' کرم کرنے والا' کرمان کا رہنے والا' ایک مشہور ولی اللہ شاہ شجاع کرمانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ وقت کے قطب اور صاحب کرامت بزرگ تھے۔ آپ کے والد کرمان کے بادشاہ تھے۔ 270ھ کو وصال فرمایا۔
کردک	Kurdek	ف	طاقتور' زورآور' قوی' پہلوان
کسام	Kasam	ع	کھلا ہوا' شگفتہ
کشفی	Kashfi	ع	فاش کرنا' کھولنا' ظاہر کرنا' انکشاف کرنا' ایک نام ابوالخیر کشفی
کشاف	Kashaf	ع	عیاں کرنے والا' ظاہر کرنے والا' پردہ اٹھانے والا
کشود	Kashood	ف	کامیابی' کامرانی' فائدہ' نفع' پھیلنا
کعب	Kaab	ع	بزرگی' ٹخنہ' حضور نبی کریم ﷺ کے جانثار صحابی حضرت کعب بن مالک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ نے ۷۷ برس کی عمر میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور حکومت میں وصال فرمایا۔
کفایت	Kafayat	ع	کافی ہونا' بچت' ضامن ہونا' ذمہ دار
کفاح	Kafah	ع	جدوجہد' کوشش' کشمکش' محنت
کفیل	Kafil	ع	ضامن' ذمہ دار
کفات	Kafayat	ت	شیر
کفالت	Kafalat	ع	ضمانت' ذمہ داری' بار اٹھانا' پرورش

کلیم اللہ	Kalim-Ullah	ع	اللہ تعالیٰ سے کلام کرنے والا' رب تعالیٰ سے گفتگو کرنے والا' حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔
کلام	Kalam	ع	قول' بات' سخن' گفتگو
کلال	Kalal	ع	ایک ولی اللہ کا نام حضرت سید امیر کلال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ خواجہ محمد بابا سماسی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے خلیفہ ہیں۔ آپ کا وصال بروز جمعرات ۸ جمادی الاول ۷۷۲ھ کو ہوا۔ مزار مبارک سوخار میں واقع ہے۔
کلیم	Kalim	ع	بات کرنے والا' گفتگو کرنے والا' کلام کرنے والا' ہم سخن
کلف	Kilf	ع	چاہنے والا' عاشق' محبت کرنے والا
کلید	Kalid	ف	چابی' کنجی
کمال	Kamal	ع	قابلیت' ہنر' اہلیت' لیاقت' انوکھی بات' سہروردی سلسلہ کے صاحب کرامت بزرگ حضرت شاہ کمال سہروردی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مغل شہنشاہ شاہجہاں کے عہد میں آپ کا وصال ہوا۔ مقبرہ رحمان پورہ اچھرہ لاہور کے نزدیک راواں میں ایک اونچے ٹیلے پر واقع ہے۔
کمل	Kamal	ع	کامل ہونا' پورا ہونا' مکمل ہونا
کماچ	Kamach	ت	موٹی روٹی
کماۃ	Kamach	ع	مسلح سپاہی' بہادر لوگ' دلیر لوگ
کمیل	Kamil	ع	مکمل' کامل' صفات سے بھرپور
کنٹھ	Kanth	ہ	ہار' تسبیح' مالا' گلا' ایک ولی اللہ حضرت شاہ کنٹھ قادری نوشاہی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ مغل شہنشاہ نورالدین جہانگیر کے عہد میں افغانستان سے لاہور آئے اور یہیں قیام اختیار فرمایا۔ آپ کا مزار شاہ کنٹھ سٹریٹ گوالمنڈی لاہور میں واقع ہے۔
کنور	Kanwer	ع	گرج' کڑک' رعد' بجلی کا چمکنا

کنف	Kanaf	ع	کنارہ، ساحل، سرا، پناہ، جانب
کنیف	Kanif	ع	پردہ کرنے والا
کنعان	Kanaan	ع	حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو نافرمان تھا۔
کنیش	Kanish	ف	عمل، کردار، کام، فعل
کنزالرحمن	Kanzurehman	ع	رحمن کا خزانہ، اللہ تعالیٰ کا خزانہ
کوشک	Koshek	ف	محل، قصر
کوکب	Kokeb	ع	روشن ستارہ، تارا، تلوار، قوم کا سردار، لمبی گھاس، لوہے کی چمک
کوثر	Koser	ع	بہشت کی ایک نہر کا نام، ایک حوض کا نام جو جنت میں ہے۔ پاکستان کے ایک عالم دین اور سیاسی رہنما مولانا کوثر نیازی۔
کولاب	Kolab	ف	تالاب
کوشار	Koshar	ع	جدوجہد کرنے والا، کوشش کرنے والا، ساعی
کوہچہ	Kohcha	ف	چھوٹا سا پہاڑ، ٹیلا
کونین	Konain	ع	دونوں جہان، دین اور دنیا، پاکستان کے ایک مشہور نعت خواں جناب منظور الکونین۔
کوکلتاش	Kokeltash	ت	دودھ شریک کا بھائی۔
کوردین	Kordin	ف	موٹی چادر، کمبل
کودک	Kodek	ف	بچہ، لڑکا
کوتک	Kotek	ف	ڈنڈا، چھڑی، لاٹھی
کیخسرو	Ke-Khusro	ف	فارس کے ایک مشہور بادشاہ کا نام
کیف	Kaif	ف	سرور، نشہ، خمار، مستی
کیف الاسلام	Kaif-ul-islam	ع	اسلام کا سرور
کیانی	Kayani	ع	خصلت والا، عادت والا، فطرت والا، سرشت والا
کیفی	Kaifi	ع	مست، مخمور، سرشار، ایک شاعر کا نام کیفی اعظمی۔

کیہان	Kehan	ف	زمانہ' جہاں' دنیا' کائنات
کیان	Kayan	ف	پورا ہونا' کامل ہونا' مکمل ہونا
کیوان	Kewan	ع	ساتواں آسمان' زحل ستارہ
کیس	Kas	ع	ہوشیار' زیرک' دانشمند' عقلمند
کیکاؤس	Kaikaus	ف	دہلی کے حکمران معزالدین کے بھائی کا لقب' فارس کے ایک قدیم بادشاہ کا نام
کیقباد	Keqbad	ف	دہلی کے حکمران معزالدین کا لقب' فارس کے ایک قدیم بادشاہ کا نام۔
کیاست	Keyasat	ع	دانشمندی' عقلمندی' معاملہ فہمی' دانائی

گ

گاذرونی	Gazroni	ف	ایک ولی اللہ کا نام۔ حضرت ابواسحٰق بن شہریار گاذرونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ ایران کے رہنے والے ہیں۔ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہم عصر ہیں۔ ۴۲۶ھ میں وصال فرمایا۔
گان	Gaan	ف	اہل، قابل، سزاوار، لائق، موزوں، مناسب
گرزین	Gerzin	ف	عرش، آسمان، فلک، مرصع، تاج
گرامی	Garami	ف	معظم، مکرم، محترم
گرگین	Gurgin	ف	ایران کے ایک مشہور پہلوان کا نام
گرزم	Gurzem	ف	ایک ایرانی نام
گرازی	Garazi	ف	بہادر، دلیر، جری، نڈر
گرگانی	Gargani	ف	ایک ولی اللہ حضرت شیخ ابوالقاسم گرگانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے دور میں گزرے ہیں۔ 450ھ میں وصال فرمایا۔
گزین	Guzien	ف	پسند کرنے والا، عمدہ، پسندیدہ
گزیر	Guzir	ف	چارہ، علاج، تدبیر
گزیدہ	Guzida	ف	منتخب کیا ہوا، پسند کیا ہوا، چنا ہوا، پسندیدہ
گسیل	Gasil	ف	روانہ کرنا، رخصت کرنا، بھیجنا
گستہم	Gustehem	ف	فارس کے بادشاہ منوچہر کے پوتے کا نام، ایک ایرانی پہلوان کا نام
گل ہاشم	Gulhasham	ف	چنبیلی کا پھول
گلیم	Galim	ف	موٹی چادر، دھسہ، کمبل
گل احمر	GulAhmer	ف	گلاب کا پھول

نام	انگریزی	زبان	معنی
گلریز	Gulraiz	ف	پھول چھڑنے والا۔ پھلجھڑی
گلستان	Gulsitan	ف	باغ، پھلواڑی، چمن، گلزار، رونق، ایک نام امیر گلستان
گلنار	Gulnar	ف	انار کا پھول، سرخ رنگ
گل رخ	Gulrukh	ف	گلاب کے پھول جیسے گال والا
گل جان	Guljan	ف	پھول کی جان
گل	Gull	ف	مٹی۔ خاک
گلفام	Gulfam	ف	پھول جیسے چہرے والا
گل	Gull	ف	پھول
گلاب	Gulab	ف	پھولوں کی ایک قسم کا نام۔ پاکستان ٹیلی ویژن کے ایک مشہور اداکار گلاب چانڈیو۔
گلزار	Gulzar	ف	گلستان، چمن، باغ، پھلواڑی
گلباز	Gulbaz	ف	پھولوں سے کھیلنے والا
گلبار	Gulbar	ف	پھول برسانے والا
گل	Gull	ف	سورج مکھی کا پھول
آفتاب	Aftab	ف	سورج
گلفشاں	GulFishan	ف	پھول برسانے والا، پھلجھڑی
گلزمین	Gulzamin	ف	زمین کا خوبصورت ترین حصہ۔
گل جعفری	GullJafri	ف	پیلے رنگ کا گیندے کی طرح کا پھول۔
گل انداز	Gulandaz	ف	پھول توڑنے والا
گنج بخش	GunjBaksh	ف	خزانہ بخشنے والا، فیض پہنچانے والا، سخی، مشہور ولی اللہ حضرت سید علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخش رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک لاہور میں واقع ہے۔
گھلن	Guillan	ف	ایک ولی اللہ کا نام۔ حضرت گھلن شاہ قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک موری گیٹ لاہور کے باہر باغ میں واقع ہے

گدا	Gada	ف	طلب کرنے والا' مانگنے والا' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شاہ گدا قادری شطاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک گڑھی شاہو لاہور میں واقع ہے۔
گنج	Ganj	ف	خزینہ' گنجینہ' خزانہ
گنجور	Ganjoor	ف	خزانے کا مالک' خزانچی' خازن
گونداز	Gondaz	ف	توپ چلانے والا' توپچی
گونل	Gonal	ت	منور' روشن' تاباں
گوزیل	Gozil	ت	دلیر' جری' نڈر' شجاع' بہادر
گوہری	Gohri	ف	جوہری' موتی والا' جواہرات والا
گونسل	Gonsel	ت	مقدس یوم' متبرک دن' پاکیزہ روز
گوہرتاب	GoherTab	ف	موتی کی مانند چمکنے والا
گوندز	Gondz	ت	سورج۔ آفتاب۔ صاف چکتا
گوہر	Goher	ف	موتی' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت سید گوہر علی شاہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک حضرت میاں میر صاحب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے مزار کے قریب ہی واقع ہے۔
گورکھ	Gorkh	ف	ایک ولی اللہ کا نام۔ حضرت دیوان گورکھ قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک چار دیواری مقبرہ حضرت شاہ حسین رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ باغبانپورہ میں واقع ہے۔
گویر	Goair	ف	میدان' جنگل' سیراب
گونیش	Gonish	ت	سورج' آفتاب' شمس
گیتی فروز	GaitiFeroz	ف	دنیا کو روشن کرنے والا' دنیا کو منور کرنے والا
گیہان	Gehan	ف	جہاں' دنیا' زمانہ
گیتی بان	Getiban	ف	دنیا کا محافظ' دنیا کا رکھوالا' دنیا کا نگہبان
گیر	Gair	ف	تھامنے والا' پکڑنے والا
گیسودراز	Gaisu Draz	ف	جس کے بال بہت لمبے ہوں۔ سلسلہ چشتیہ کے مشہور ولی اللہ حضرت سید محمود گیسودراز رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک دکن بھارت میں ہے۔

ل

لامح	Lams	ع	اشاروں سے بات کرنے والا
لاعب	Laib	ف	کھیلنے والا' کھلاڑی
لامس	Lames	ع	چھونے والا
لامع	Lamay	ع	چمکنے والا' تاباں
لائق	Laiq	ع	اہل' قابل' مناسب' موزوں
لازق	Laziq	ف	چپکنے والا
لازب	Lazib	ف	لگنے والا' چمٹنے والا
لاحق	Lahef	ع	مدد کرنا' ساتھ رہنا' امداد کرنا' حمایت کرنا
لاہب	Laheb	ف	بلند شعلوں والی آگ
لاہف	Lahef	ف	مظلوم' فریادی
لاچین	Lachin	ت	ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام' شاہین پرندہ
لائم	Laim	ع	ملامت کرنے والا
لافظ	Lafiz	ع	دنیا' سمندر
لائح	Laih	ع	چمکنے والا' تاباں' ظاہر' روشن
لالہ فام	Lala Fam	ف	سرخ چہرے والا' لالی
لالہ	Lalah	ف	سرخ رنگ کا پھول' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت لالہ بیگ قادری نوشاہی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کا انتقال 1143ھ میں ہوا۔ قبر مبارک لاہور میں ہے۔
لادن	Laden	ف	عنبر' ایک خوشبو
لاثانی	Lasani	ع	یگانہ' یکتا' بے مثل' بے نظیر' جس کی مانند کوئی نہ ہو' مشہور ولی اللہ حضرت پیر سید جماعت علی شاہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا لقب
لبیب	Labib	ع	دانا' عقلمند' دانشمند' زیرک

لبق	Labq	ع	ہوشیاری‘ چالاکی‘ دانائی‘ سمجھداری‘ شعور
لبیق	Labiq	ع	دانا‘ دانشمند‘ عقلمند
لبین	Labin	ع	پرورش کیا ہوا‘ پالا ہوا‘ دودھ پلایا ہوا
لبید	Labid	ع	مشہور صحابی اور شاعر حضرت لبید بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ کی کنیت ابو عقیل ہے۔
لُبیہ	Lubih	ع	ایک صحابی حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام۔ حضرت عبداللہ بن لُبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور نبی کریم ﷺ نے صدقات وصول کرنے پر عامل مقرر کیا تھا۔
لقیط	Laqit	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے ایک غلام حضرت ابولقیط رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت تک حیات رہے۔
لبابہ	Lubabah	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے جانثار صحابی حضرت ابولبابہ رفاعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ نے غزوہ بدر میں بھی حصہ لیا۔ آپ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں وصال فرمایا
لجین	Lajin	ع	خالص چاندی
لجام	Lajam	ع	عنان‘ باگ‘ لگام
لبان	Luban	ع	دودھ بیچنے والا
لحام	Luham	ع	سونے چاندی کا ٹکڑا
لزوق	Luzuq	ع	چپکنا
لزیق	Luziq	ع	پاس‘ نزدیک‘ قریب‘ ساتھی‘ رفیق
لزیر	Luzir	ع	متقی‘ پرہیزگار‘ پارسا
لزم	Luzm	ع	منصف‘ حاکم‘ فیصلہ کرنے والا
لسان	Lisan	ع	اسلام کی زبان

نام	English	زبان	معنی
لدھے شاہ	LadheShah	ع	لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ لدھے شاہ قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ نے مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عہد میں وصال فرمایا۔ قبر مبارک حضرت شاہ محمد غوث قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ کے مزار بیرون دہلی گیٹ لاہور کے قریب ہے۔
لشکر	Lashker	ف	فوج' ہجوم' سپاہ' جیش
لشکری	Lashkeri	ف	فوجی' سپاہی
لطفان	Lutfan	ع	نرمی کرنے والا' کرم کرنے والا' مکرم' مہربان
لطافت	Latafat	ع	قابلیت' خوبی' عمدگی' اہلیت
لطیف	Latif	ع	نرم' نازک' باریک بین' ملائم' مشہور ولی اللہ حضرت بری امام رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا اصلی نام حضرت شاہ عبداللطیف قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک اسلام آباد سے تقریباً تین کلومیٹر کے فاصلہ پر نور پور شاہاں میں واقع ہے۔
لطاف	Lataf	ع	بہت نرمی برتنے والا
لطف	Lutf	ع	عمدگی' نرمی' لذت' لاہور کے ولی اللہ حضرت لطف اللہ قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ 1155ھ میں وصال ہوا۔
لعل	Laal	ع	لال' سرخ نگینہ' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ لعل خیاط قادری نوشاہی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کا وصال 1187ھ میں لاہور میں ہوا
لصیف	Lasif	ع	تابندگی' درخشندگی' چمک' روشنی
لعلین	Lalin	ع	سرخ نگینے کی مانند
لعلی	Lali	ع	سرخ رنگ
لفیف	Lafif	ع	درختوں کا جھنڈ' گھنے درخت' لپٹا ہوا' دوست
لفاظ	Lafaz	ع	خوش بیاں' بہت باتیں کرنے والا' خوش گو
لقا	Laqa	ع	شکل' صورت' دیدار

لقمان	Luqman	عبر	ایک مشہور حکیم کا نام' عقلمند' دانا' تجربہ کار' دانشمند' ذہین' فہیم' زیرک
لقاف	Laqaf	ع	کمال' مہارت' ہوشیاری
لقن	Laqan	ع	جلد سمجھنے والا' بہت سمجھدار
لقاعہ	Laqah	ع	حاضر جواب' حاضر دماغ
لقانت	Laqanat	ع	دانشمند ہونا' فہیم وفراست مند ہونا
لقاط	Laqat	ع	گرے ہوئے خوشوں کو اکٹھا کرنا
لقاعت	Laqat	ع	حاضر جواب ہونا
لمیک	Lamik	ع	سرگین آنکھوں والا
لماز	Lamaz	ع	آنکھ سے اشارہ کرنے والا
لمع	Lama	ع	روشنی' چمکنا' چمکنے والا' منور' تاباں ودرخشاں
لموع	Limoo	ع	روشن ہونا' منور ہونا' چمکنا
لوط	Loot	ع	دل کو بھانے والی چیز' ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام
لواز	Liwaz	ف	باہم ایک دوسرے کی حفاظت میں آنا
لواذ	Lawaz	ع	نزدیک' پاس' قریب
لوید	Laweed	ف	دیگ' بڑا پتیلہ
لوذعی	Loozie	ع	دانشمند' عاقل' دانا' عقلمند' جلد سمجھنے والا' سمجھدار
لواش	Lawash	ت	باریک اور نرم چپاتی
لہری	Lehri	ہ	زندہ دل' منچلا' ظریف' ہنسانے والا' من موجی' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت بابا لہری شاہ قادری نوشاہی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کا وصال 1336ھ میں ہوا۔ مزار مبارک پیر غازی روڈ اچھرہ لاہور میں واقع ہے۔
لہیم	Lahim	ع	سبقت لے جانے والا' بازی لے جانے والا
لہام	Liham	ع	الہام

لہراسپ	Luhr Asp	ف	ایران کے اسفندیار کے دادا کا نام
لئیق	Laeeq	ع	قابل' لائق' اہل' موزوں' مناسب
لیمان	Leman	ت	کھٹا' ترش
لیت	Lait	ع	مشکل' ناممکن
لیث	Lais	ع	ببر شیر' خوش بیاں
لیاقت	Liaqat	ع	اہلیت' قابلیت' خوبی' سمجھ' پاکستان کے سابقہ وزیراعظم نواب زادہ لیاقت علی خان جن کو گولی مار کر شہید کر دیا گیا تھا۔
لیزم	Laizm	ع	نرم کمان' لچکدار کمان

م

نام	انگریزی	زبان	معنی
مانع	Maney	ع	منع کرنے والا' باز رکھنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک۔
ماح	Mah	ع	محو کرنے والا' حضور اکرم ﷺ کا اسم مبارک۔
مادخ	Madekh	ع	معزز' محترم' برگزیدہ' مکرم
ماہر	Maher	ع	استاد کامل' ماہر' مہارت رکھنے والا
مامون	Mamoon	ع	محفوظ' بے خوف' حفاظت میں' عباسی خلیفہ مامون عبداللہ ابوالعباس جو ہارون الرشید کا بیٹا تھا۔
ماشاءاللہ	Mashallah	ع	اللہ تعالیٰ جو چاہے
مالک	Malik	ع	آقا' فقہ مالکی کے امام مالک رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ
مانت	Mant	ع	مانند' مثل' مشابہ
ماجد	Majid	ع	برگزیدہ' قابل عزت' قابل احترام' بزرگ' ایک ولی اللہ حضرت شیخ ماجد کردی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کا وصال 561ھ کو ہوا۔ قبر مبارک جبل حمرین میں ہے۔
مارد	Mared	ع	بلند و بالا' اونچا' باغی' سرکش
ماmون	Mamoon	ع	بارش' پانی' مینہ
مارِب	Marib	ع	مطلب' مقصد' ضرورت' حاجت
ماشد	Mased	ع	پہچاننے والا' شناخت کرنے والا
مائر	Mair	ع	نیک کام کرنے والا
مانح	Manih	ف	فیاض' سخی' سخاوت کرنے والا
مابور	Maboor	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے صحابی اور آزاد کردہ غلام حضرت مابور رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے عزیز ہیں۔ آپ کو مقوقس شاہ اسکندریہ نے سیدہ ماریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ ہدیہ میں بھیجا تھا۔

ماثر	Masir	ع	نیک لوگ' نشانیاں' علامات' اچھے آثار
ماہن	Mahin	ع	خادم' خدمت کرنے والا
ماصف	Masif	ع	صاف وشفاف
ماراب	Marab	ف	جو نیا نیا دولت مند ہوا ہو
ماہچہ	Mahicha	ف	جھنڈے پر لگانے والا چھوٹا چاند
ماہتاب	Mahtab	ف	چاند
مانی	Mani	ف	ایک مشہور رومی نقاش کا نام
مانستہ	Manesta	ف	مانند' مشابہ' مثل
مالوف	Maloof	ع	مانوس' محبوب' جانا پہچانا
ماطر	Matir	ع	ابر' بادل' برسنے والا
مازنی	Mazni	ع	علم نحو کے ایک مشہور عالم کا نام
ماذون	Mazun	ع	مامور' مقرر' متعین' اجازت دیا گیا
مادح	Madeh	ع	تعریف کرنے والا' صفت بیان کرنے والا
ماہی	Mahi	ف	مچھلی' برج حوت' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت ماہی شاہ قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کا مزار مبارک ہال روڈ لاہور پر برلب سڑک دکانوں کے ساتھ واقع ہے۔
ماحی	Mahi	ع	مٹانے والا' محو کرنے والا
ماہیر	Mahir	ع	دلیر' شجاع' بہادر
مادھو	Madho	ہ	لاہور کے ایک مشہور بزرگ حضرت شیخ مادھو قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ شاہ حسین رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے مرید خاص اور خلیفہ تھے۔ آپ کا وصال مغل شہنشاہ شاہجہان کے عہد میں 72 سال کی عمر میں 1056ھ کو ہوا۔ مزار مبارک باغبانپورہ میں ہے۔
مبارز	Mubarez	ع	فوجی' سپاہی' جنگجو

مثور	Mabtur	ع	رئیس' مالدار' بہت امیر' دولتمند
مبلغ	Mubligh	ع	تبلیغ کرنے والا' پہنچانے والا' حضور سرور کائنات ﷺ کا صفاتی اسم مبارک۔
مبرم	Mubrem	ع	پائیدار' پکا' مستحکم' مضبوط
مبین	Mubin	ع	روشن' واضح' عیاں' صاف' ظاہر ہونے والا
مبارک	Mubarek	ع	خوشخبری' مژدہ' تہنیت' خوش آئند' باعث برکت
مبشر	Mubasher	ع	خوشخبری دینے والا
مبرد	Mabrud	ع	سرد
مبدہ	Mibdah	ع	فی البدیہہ بولنے والا
مبروک	Mabruk	ع	مبارک' مژدہ' خجستہ' خوشخبری
مبدی	Mubdi	ع	پیدا کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
مبصر	Mubsir	ع	پرکھنے والا' جانچنے والا' دیکھنے والا
مبہج	Mubhaj	ع	خوش' پرمسرت' مسرور' شاداں' فرحاں
مبقی	Mubqi	ع	باقی رکھنے والا
مبرور	Mabrur	ع	مقدس' پاکیزہ' پاک' منزہ' قبول کیا ہوا
مبرز	Mubrez	ع	تاباں' درخشندہ' منور' روشن' ظاہر' عیاں' واضح' نامور' مشہور
مبدع	Mubdeh	ع	ایجاد کرنے والا' موجد
مبدرق	Mubrezq	ع	رہنما' رہبر' راستہ بتانے والا
متبسم	Mutbesem	ع	ہنسنے والا' مسکرانے والا
مبادر	Mubadir	ع	عجلت کرنے والا' جلدی کرنے والا' جرأت کرنے والا
مباح	Mubah	ع	ٹھیک' جائز' روا
متانت	Matanat	ع	سنجیدگی' پائیداری' مضبوطی
متوسط	Mutwast	ع	میانہ رو' حضور سرور کائنات ﷺ کا صفاتی اسم مبارک
متیم	Mutim	ع	حکم ماننے والا' فرمانبردار' تابع فرمان

متعال	Mutaal	ع	بلند مرتبہ' عالی
متقی	Mutaqi	ع	عبادت گزار' پرہیز گار' صالح
متعالی	Mutaali	ع	بزرگ' برگزیدہ' برتر
متین	Mutin	ع	مضبوط' سنجیدہ' مستحکم' پائیدار' استوار
متنائم	Mutnaam	ع	نازک' ملائم' نرم' کومل
متادی	Mutadi	ع	پہنچانے والا
متالہ	Mutali	ع	اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والا' عابد و زاہد
متبادر	Mutbadir	ع	فوری سمجھ میں آنے والا
متدین	Mutidin	ع	نیکوکار' ایماندار' دیندار' امانتدار
مترقب	Mutraqib	ع	انتظار کرنے والا
مترصد	Mutrasid	ع	آس رکھنے والا' امید رکھنے والا
متسع	Mutsey	ع	کھلا' کشادہ' فراخ' وسیع
متعبد	Mutabid	ع	عبادت کرنے والا۔ عابد و زاہد
متقارب	Mutqarib	ع	ایک دوسرے کے قریب' ایک دوسرے کے نزدیک
متکفل	Mutkafil	ع	ضامن' کفیل' ذمہ دار' ذمہ لینے والا
متمائل	Mutmail	ع	آرزو کرنے والا' خواہش کرنے والا
متمم	Mutmam	ع	مکمل کرنے والا' پورا کرنے والا
متوکل	Mutwakkal	ع	اعتماد کرنے والا' بھروسہ کرنے والا' عباسی خلیفہ متوکل جو کہ خلیفہ ہارون الرشید کا پوتا تھا' واثق باللہ کے انتقال کے بعد تخت پر بیٹھا' 5 شوال 247ھ میں قتل کر دیا گیا تھا۔
مثیل	Musil	ع	شبیہ' ہم مثل' مانند' ہو بہو' عمدہ' ہم شکل
مثاب	Musab	ع	صلہ کے لائق' اجر کے لائق
مثابت	Masabut	ع	مانند' ہم مثل' مشابہ' شبیہ
مثیب	Musib	ع	بدلہ دینے والا' عوض دینے والا' اچھائی کا بدلہ دینے والا

نام	Name		معنی
مثنیٰ	Musna	ع	دوسرا، ثانی، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پوتے اور امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادہ حضرت حسن مثنیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
مثمر	Musmer	ع	پھل رکھنے والا، فائدہ مند
مثمور	Musmur	ع	بہت زیادہ، وافر، لاتعداد، بے انتہا
مثقال	Musqal	ع	سونے کا ایک سکہ
مجدد	Majaddad	ع	نیا کام کرنے والا، تجدید کرنے والا، بغداد کے ایک مشہور ولی اللہ شیخ مجدد الدین بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ حضرت نجم الدین کبریٰ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے خلیفہ تھے۔
مجاز	Mujaz	ع	راستہ، رہ گزر، خلاف حقیقت، جس کو اختیار دیا گیا ہو، ایک نام سرور مجاز۔
مجتہد	Mujtahid	ع	اجتہاد کرنے والا، کوشش کرنے والا
مجیب	Mujib	ع	قبول کرنے والا، جواب دینے والا، اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک، مشہور ادیب اور صحافی مجیب الرحمٰن شامی۔
مجاہد	Mujahid	ع	اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنے والا
مجیر	Mujir	ع	مددگار، معین، دستگیر، حفاظت کرنے والا، پناہ دینے والا معاون
مجمل	Mujmal	ع	مختصر، اختیار، خلاصہ، انتخاب
مجید	Mujid	ع	پاک، بڑا، بڑا عظیم
مجتبیٰ	Mujtaba	ع	برگزیدہ، منتخب، چنا ہوا، حضور نبی کریم ﷺ کا ایک صفاتی اسم مبارک۔
مجی	Muji	ع	آنا، وارد ہونا، ایک فائیٹر کا نام مجی شاہ۔
مجوز	Majuz	ع	رائے دینے والا، فیصلہ دینے والا، مشورہ دینے والا
مجنوں	Majnoon	ع	عاشق، دیوانہ، ایک شاعر کا نام مجنوں گورکھپوری۔
مجلی	Mujla	ع	روشن، صاف، منور، تاباں، درخشندہ

مجدود	Majdood	ع	خوش بخت' خوش قسمت' مقدر والا
مجاہز	Mujahiz	ع	سامان ٹھیک کرنے والا' اسباب درست کرنے والا
مجاور	Mujawer	ع	ہمسایہ' پڑوسی' خدمت کرنے والا
محبّ	Muhib	ع	پیار کرنے والا' محبت کرنے والا' مغل شہنشاہ شاہجہاں کے دور کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ محب اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ شرح فصوص الحکم آپ کی بہترین تصنیف ہے۔ مزار مبارک اکبر آباد میں ہے۔
محتشم	Muhtasham	ع	امیر' دولت مند' رئیس' عزت والا' جاہ و جلال والا
محلل	Muhlal	ع	حلال کرنے والا
محستان	Muhstan	ع	بہت احسان کرنے والا' بہت بھلائی کرنے والا' بہت نیکی کرنے والا
محرم	Muharram	ع	پہلا اسلامی مہینہ' منع کرنے والا' وہ عزیز جس سے شرعی طور پر پردہ کرنا ضروری نہ ہو' خانہ کعبہ کی چار دیواری
محامل	Muhamil	ع	عمدگی' نیکیاں' بھلائیاں' اچھائیاں
محرور	Mahrur	ع	حرارت والا' گرم
محاص	Muhas	ع	آسمانی بجلی' چمکنے والی بجلی
محسن	Mohsin	ع	احسان کرنے والا' بھلائی کرنے والا' پاکستان کے ایک مشہور کرکٹر محسن حسن خان۔
محمود	Mahmood	ع	تعریف کیا گیا' پسندیدہ' سلسلہ چشتیہ کے ایک ولی اللہ سید محمود گیسودراز رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ نے 104 برس کی عمر میں وصال فرمایا۔
محی	Mohi	ع	زندگی عطا کرنے والا' حیات بخشنے والا' زندہ کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک۔ ایک مشہور بزرگ حضرت شیخ محی الدین عربی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کی تصانیف کی تعداد پانچ سو سے زیادہ ہے۔ آپ کا مزار دمشق میں ہے۔

محیط	Muhit	ع	گھیرا ہوا، احاطہ کرنے والا
محکم	Mohkam	ع	قائم، مضبوط، استوار، پکا، ایک نام محکم الدین۔
محترم	Mohtrem	ع	مغلیہ دور کے ایک مشہور حضرت شیخ محترم نقشبندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ شہنشاہ اکبر کے زمانہ میں لاہور تشریف لائے۔ اورنگزیب عالمگیر کے زمانہ میں آپ کا وصال ہوا۔ آپ کا مقبرہ سوامی نگر جی ٹی روڈ لاہور میں واقع ہے۔
محاصر	Mahasir	ع	گھیرنے والا، محاصرہ میں لینے والا
محیر	Muhayyur	ع	حیران کرنے والا، حیرت میں ڈالنے والا
محی الدین	Muhayyudin	ع	دین کو زندہ کرنے والا، مغل شہنشاہ محی الدین اورنگزیب عالمگیر۔
محمد	Muhammad	ع	بہت تعریف کیا ہوا، حضور سرور کائنات ﷺ کا اسم مبارک۔
محفوظ	Mahfooz	ع	جس چیز کی حفاظت کی جائے، مامون، باحفاظت
محظوظ	Mahzooz	ع	خوش قسمت، خوش بخت، بختاور، مزہ اٹھانے والا، مالدار، بہرہ مند
محسن	Muhsin	ع	متقی، پرہیزگار، عبادت گزار
محسود	Mahsood	ع	جس سے رشک کیا جائے، رشک کیا ہوا
محذور	Mahzoor	ع	ڈرانے والا
محذورہ	Mahzooraa	ع	ایک صحابی حضرت اوس بن مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت۔ ابومحذورہ۔ آپ حضور نبی کریم ﷺ کے دور میں مؤذن تھے۔ آپ مکہ مکرمہ میں اذان دیا کرتے تھے۔
محراک	Mihraq	ع	حرکت کرنے والا، حضرت یعقوب علیہ السلام کا ایک نام
محتسب	Muhtasib	ع	حساب کرنے والا، محاسبہ کرنے والا
محتجب	Muhtajib	ع	پردہ کرنے والا، چھپنے والا، پوشیدہ
محبوب	Mahboob	ع	دوست، پیارا، رفیق، حبیب
محافظ	Muhafiz	ع	نگہبان، رکھوالا، نگرانی کرنے والا، حفاظت کرنے والا

ممش	Mahmish	ع	نیشاپور ایران کے ایک مشہور بزرگ عالم دین کا نام
محمت	Muhamt	ت	محمد (ﷺ) بہت تعریف کیا ہوا۔
محاسب	Muhasib	ع	حساب کرنے والا' محاسبہ کرنے والا
محصد	Muhzid	ع	خالص' اصل
محترس	Muhtris	ع	چوکنا' ہوشیار' خبردار' چوکس
محارب	Muhareb	ع	جنگ کرنے والا
محسان	Muhsaan	ع	بہت زیادہ احسان کرنے والا' بہت بھلائی کرنے والا
مخزن	Mukhzen	ع	خزینہ' خزانہ' جہاں پر خزانہ رکھا ہوا ہو۔
مخدوم	Makhdum	ع	قابل عزت' قابل احترام' قابل تعظیم' برگزیدہ' بزرگ
مخراق	Mukhraq	ع	خوبصورت جسم والا' حسین بدن والا
مختار	Mukhtar	ع	آزاد' مرضی کا مالک' بااختیار
مخشف	Mukhshaf	ع	رہنما' رہبر' راستہ دکھانے والا' دلیر' بہادر
مخلد	Mukhlid	ع	ہمیشہ' سدا' دائمی' مدام
مختوم	Makhtum	ع	سربمہر' مہر لگا ہوا' ہنرمند' مہر شدہ
مخیل	Mukhayal	ع	جس کا خیال کیا جائے
مخضر	Mukhzir	ع	ہرا بھرا' سرسبز و شاداب' بابرکت' مبارک' سعد
مدون	Madoon	ع	مرتب' جمع کیا ہوا' منظم
مدعم	Madam	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے ایک غلام کا نام۔ ان کو حضرت رفاعہ بن زید بن جذامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہ رسالت میں پیش کیا تھا۔
مدبر	Mudabbir	ف	عقلمند' دانشمند' صاحب تدبیر' دانا
مدید	Mudid	ع	لمبا' دراز' طول
مدحت	Midhet	ع	توصیف' ستائش' تعریف' صفت
مدین	Mudin	ع	جس سے حساب لیا گیا ہو' شیر

مدثر	Madasser	ع	کمبل پوش، جس نے کمبل لپیٹا ہوا ہو، حضور نبی کریم ﷺ کا صفاتی اسم مبارک۔
مدیح	Madih	ع	جس کی تعریف کی گئی ہو
مدنی	Madni	ع	مدینہ طیبہ کا رہنے والا
مدمن	Madammin	ع	کسی شے کو ہمیشہ کرنے والا
مدرک	Mudriq	ع	دانشمند، عقلمند، فہیم، دانا، عاقل
مدام	Mdam	ع	ہمیشہ، سدا، دائمی
مندیب	Mandeeb	ع	پگھلانے والا
مذکر	Muzkir	ع	یاد دلانے والا
مرزاب	Murzab	ف	میزاب، پرنالہ
درشح	Dursheh	ف	پانی لگانا، سیراب کرنا
مرام	Muram	ع	مقصد، مراد، مطلب، مدعا، غرض
مربی	Murabbi	ع	پرورش کرنے والا، پالنے والا
مراتب	Muratib	ع	بلندیاں، درجات، بلند مقام
مرزوق	Merzuk	ع	خوش قسمت، نیک بخت، خوش نصیب
مرید	Mureed	ع	پیروکار، معتقد، شاگرد
مرتضیٰ	Murteza	ع	پسندیدہ، مقبول، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب
مریح	Mareea	ع	رہا کرنے والا، آزاد کرنے والا
مرتاض	Murtaz	ع	عبادت کرنے والا، ریاضت کرنے والا
مراد	Murad	ع	تمنا، خواہش، آرزو، ایک مسلمان حکمران سلطان مراد خان اول جو سلطان ارخان کا چھوٹا بیٹا تھا۔ 761ھ میں چالیس سال کی عمر میں تخت نشین ہوا۔ یہ تیسرا عثمانی سلطان تھا۔
مرصد	Morsed	ف	انتظار کرنے والا، منتظر
مرسل	Mursel	ع	ارسال کیا ہوا، بھیجا ہوا

مرتاج	Murtaj	ف	عیش کرنے والا
مرشد	Murshed	ع	ہدایت کرنے والا، استاد، پیر
مریر	Marir	ع	دلیر، بہادر، جری، مضبوط، قوی
مروح	Marooh	ع	خوشبودار، خوش، راضی، پُر مسرت
مروت	Murwat	ع	بہادری، دلیری، اخلاق
مرصوص	Marsus	ع	مستحکم، مضبوط، پائیدار
مرزا	Mirza	ف	امیر زادہ، رئیس، دولت مند، خاندان تیموریہ کے شہزادگان کا لقب
مرتقی	Murtaqa	ع	بلند ہونے والا، اوپر چڑھنے والا
مرتعش	Murtaish	ع	کانپنے والا، بغداد کے ایک ولی اللہ حضرت مرتعش رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کا وصال 328ھ میں ہوا۔ حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے خلیفہ تھے۔
مرتضوی	Murtezvi	ع	حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب
مُربح	Murbeh	ع	فائدہ مند، سود مند
مراح	Mirah	ع	مسرت، راحت، خوشی، شادمانی
مرابط	Murabit	ع	آپس میں لگاؤ رکھنے والا
مرغوب	Marghoob	ع	پسندیدہ، پاکستان کے مشہور نعت خواں حافظ مرغوب احمد ہمدانی
مراشد	Murashid	ع	سیدھی راہیں، سیدھے راستے
مروان	Mervan	ع	حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چچازاد بھائی کا نام۔
مرات	Merat	ع	خواہش، تمنا، آرزو، مراد
مزیز	Maziz	ع	وافر، کثیر، بہت، فاضل
مزاحم	Mazaham	ع	روکنے والا، باز کرنے والا، ایک ولی اللہ حضرت شیخ ابو مزاحم شیرازی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ نے چالیس برس تک مکہ مکرمہ کی مجاوری کی۔ تیس برس تک حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں رہے۔ 348ھ میں وصال فرمایا۔

نام	Name	ماخذ	معنی
مزین	Mazzayan	ع	سجانے والا' زیبائش کرنے والا' آرائش کرنے والا
مزہر	Muzher	ع	مہمان نواز
مزمل	Muzzamil	ع	حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا لقب مبارک۔
مزار	Muzar	ع	کھیتی باڑی کرنے والا' کسان
مزبور	Mazboor	ع	لکھا ہوا' تحریر شدہ' قلم بند
مزکی	Muzzaki	ع	زکوٰۃ ادا کرنے والا' پاک کرنے والا
مزیل	Muzzayal	ع	مٹانے والا' دور کرنے والا
مستور	Mastoor	ع	پوشیدہ' پردے میں' چھپا ہوا' پنہاں
مسالک	Musalik	ع	راہیں' راستے
مستبد	Mustabid	ع	مرضی کا مالک' خود مختار' با اختیار
مسلم	Muslim	ع	مسلمان' اسلام کا پیروکار' امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چچا زاد بھائی حضرت مسلم بن عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کو عبید اللہ بن زیاد کے حکم سے کوفہ میں شہید کر دیا گیا۔
مساہر	Masahir	ع	جاگنے والا' بیدار رہنے والا
مشہد	Mashed	ف	بیدار کیا ہوا' جگایا ہوا۔
مستان	Mastan	ع	دیوانہ' مجنوں' متوالا' مستانہ
مستجاب	Mustajab	ع	منظور کیا گیا' قبول کیا گیا' ایک نام احمد مستجاب۔
مستطاب	Mustatab	ع	پرمسرت' خوش' مسرور' مزیدار' صاف' پاک' منزہ' پاکیزہ
مسیح	Masih	ع	زندہ کرنے والا' حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب مبارک
مستعین	Mustaeen	ع	مدد کا طلب گار' مدد طلب کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ مستعین باللہ جو خلیفہ ہارون الرشید کا پوتا تھا' یہ منتصر باللہ کے بعد تخت خلافت پر بیٹھا تھا۔
مسبح	Musbeh	ع	اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرنے والا
مستقیم	Mustaqim	ف۔ع	سیدھا' صحیح' ٹھیک' درست

مسیّب	Musayyab	ع	بااختیار' خودمختار' مرضی کا مالک
مسعود	Masood	ع	نیک' مبارک' سودمند' اچھا' سعد' حضور نبی کریم ﷺ کے ایک صحابی حضرت مسعود بن رجیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ' حضورﷺ نے آپ کو بنی عبس پر عامل مقرر فرمایا تھا۔
مساعد	Masaad	ع	معاون' مددگار' مدد کرنے والا
مسطور	Mastoor	ع	تحریر شدہ' لکھا گیا
مسکین	Maskeen	ع	نادار' غریب' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت مسکین شاہ امری قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ مغل شہنشاہ شاہجہاں کے عہد میں وصال کر گئے۔ آپ کا مزار مبارک لاہور کینٹ میں واقع ہے۔ مزار مبارک شہزادہ داراشکوہ قادریؒ نے بنوایا تھا۔
مسکور	Maskoor	ع	نرم آواز
مستنصر	Mastanser	ع	مدد طلب کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ کا نام جو بہت انصاف پسند تھا پورا نام مستنصر باللہ۔
مستکفی	Mustakfi	ع	کفایت کا خواہاں' ایک عباسی خلیفہ جو صفر 333ھ کو اکتالیس سال کی عمر میں بغداد کے تخت پر بیٹھا' ایک سال چار ماہ تک برائے نام خلافت کی اور قید کی حالت میں 338ھ میں انتقال کر گیا۔
مسرور	Masroor	ع	خوش' پرمسرت' شادمان' پاکستان کے ایک مشہور شاعر مسرور انور محبت کرنے والا' انس کرنے والا' چاہت کرنے والا' مانوس' خوگر' عادی
مستاہل	Mustahil	ع	قابل' لائق' اہل' سزاوار' موزوں' مناسب
مستبشر	Mustabsher	ع	خوشخبری چاہنے والا' خوشی کا خواہاں
مستبصر	Mustabser	ع	باطنی بینائی کا طلب گار' دل کی بینائی کا خواہاں
مستجیر	Mustajir	ع	امان طلب کرنے والا' پناہ مانگنے والا

مستبین	Mustabin	ع	روشن' ظاہر' عیاں' آشکارا
مسفر	Musfer	ع	منور' روشن' سفید
مستنیر	Mustanir	ع	روشنی' روشنی کا خواہاں
مستظہر	Mustezher	ع	مدد کا طلب گار' ایک عباسی خلیفہ مستظہر باللہ جو سولہ سال کی عمر میں تخت خلافت پر بیٹھا۔ چوبیس سال تین مہینے خلافت کرنے کے بعد انتقال کر گیا۔
مستمر	Mustimer	ع	مضبوط' پکا' دائمی' سدا' ہمیشہ
مستمد	Mustamad	ع	مدد مانگنے والا' امداد کا طلب گار
مستکرم	Mustekrim	ع	معافی طلب کرنے والا' بخشش مانگنے والا
مستفسر	Mustafsir	ع	پوچھنے والا' تحقیق کرنے والا' جستجو کرنے والا' محقق
مستغنی	Mustaghni	ع	مالدار' دولت مند' رئیس' آزاد' بے پرواہ
مستطاع	Mustataa	ع	تابعدار' مطیع' فرمانبردار
مستفی	Mustafi	ع	روشنی طلب کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ مستفی بامر اللہ۔ اس نے ساڑھے نو سال تک خلافت کی۔
مستشیر	Mustashir	ع	مشورہ مانگنے والا' رائے طلب کرنے والا
مسترشد	Mustershud	ع	ہدایت کا طلب گار' مرید' ایک عباسی خلیفہ مسترشد باللہ جو 27 سال کی عمر میں تخت نشین ہوا۔ 529ھ سولہ ذیقعدہ میں قتل ہو گیا۔
مستحسن	Mustehsin	ع	نیک' پسندیدہ' بہتر' خوب
مستفید	Mustafeed	ع	فائدہ چاہنے والا' فائدہ اٹھانے والا
مستنجد	Mustanjid	ع	ایک عباسی خلیفہ مستنجد باللہ' اس خلیفہ کے عہد میں حضرت غوث اعظم سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال ہوا۔
مشیت	Mushayat	ع	رضامندی' مرضی' خواہش' منشاء
مشارب	Musharib	ع	سبیل' طریقے۔

مشرف	Musharaf	ع	اونچا' شرف یافتہ' بلند و بالا
مشعر	Musher	ع	خبر دینے والا' عیاں کرنے والا' آشکارا کرنے والا' اطلاع دینے والا' ظاہر کرنے والا۔
مشہود	Mashhood	ع	حاضر کیا ہوا' موجود' گواہ' شاہد
مشوار	Mishwar	ع	نظارہ' منظر
مشید	Mushayed	ع	پکا کیا ہوا' مضبوط کیا ہوا' اونچا' بلند و بالا
مشکور	Mashkoor	ع	پسندیدہ' عنوان' ایک ادیب کا نام مشکور حسین یاد
مشرف	Mishraf	ع	جس کو عزت سے نوازا گیا ہو۔
مشتاق	Mushtaq	ع	خواہاں' آرزومند' چاہنے والا' سلسلہ چشتیہ کے ایک بزرگ حضرت صوفی محمد مشتاق چشتی صابری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ 670ھ میں وصال فرمایا۔ مزار مبارک میلہ رام روڈ دربار مارکیٹ لاہور میں واقع ہے۔
مشین	Mushayan	ف	شاندار' عالی شان
مشیر	Mushir	ع	مشورہ دینے والا' رائے دینے والا
مشواذ	Mishwaz	ع	دستار' پگڑی
مشعوف	Mashoof	ع	محبت کرنے والا' فریفتہ' عاشق' چاہنے والا
مشحون	Mashhoon	ع	بھرا ہوا' لبریز
مشاق	Mashtaq	ع	ماہر' تجربہ کار' مہارت رکھنے والا
مشفق	Mushfiq	ع	دوست' مہربان' شفیق' شفقت کرنے والا
مصیر	Masir	ع	واپس آنے والا' لوٹنے والا' لپٹنے والا' رجوع کرنا
مصور	Mussawer	ع	نقاش' تصویریں بنانے والا
مصغر	Musghir	ع	مختصر کیا ہوا' چھوٹا کیا ہوا
مصباح	Misbah	ع	چراغ' دیا

مصعب	Masab	ع	تکلیف برداشت کرنے والا' ایک صحابی کا نام حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ غزوہ احد میں شہید ہوئے۔ حضور نبی کریم ﷺ کے ہم شکل تھے۔
مصدق	Masdaq	ع	تصدیق شدہ' تصدیق کیا ہوا' مانا ہوا
مصدِق	Masdiq	ع	یقین کرنے والا' صدقہ لینے والا
مصیطر	Masyattar	ع	نگرانی کرنے والا' نگہبان' رکھوالی کرنے والا
مصون	Masoon	ع	محفوظ' بچا ہوا' حفاظت میں
مصیب	Musayyab	ع	بھلائی پانے والا' اچھائی پانے والا
مصلح	Musleh	ع	درست کرنے والا' ٹھیک کرنے والا
مصطفیٰ	Mustafa	ع	منتخب' برگزیدہ' پاکیزہ' چنا ہوا' پسندیدہ حضور نبی کریم ﷺ کا ایک صفاتی اسم مبارک۔
مضمیر	Muzmir	ع	جلد' تیز' فوری' سرعت
مضمر	Muzmer	ع	مخفی' پوشیدہ' پردے میں' پنہاں' چھپا ہوا
مضری	Muzri	ع	حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک اسم مبارک۔
مضیف	Muzzayef	ع	مہمانی کرنے والا' مہمان نواز
مضیاف	Muzyaf	ع	بڑا مہمان نواز
مضمار	Mizmar	ع	میدان جنگ
مطیع	Matie	ع	تابعدار' فرمانبردار' خادم
مطرب	Mutarrab	ف	گانے والا
مطرز	Muterz	ف	زیبائش کیا ہوا' سجایا ہوا' زینت دیا ہوا
مطاف	Mutaf	ع	طواف کی جگہ
مطیب	Mutib	ع	اچھی مہک دینے والا' اچھی خوشبو دینے والا
مطلب	Mutlib	ع	مانگا ہوا' طلب کیا گیا' حضور نبی کریم ﷺ کے دادا جان کا نام عبدالمطلب۔

مطرب	Mutreb	ع	راضی کرنے والا' خوش کرنے والا
مطہر	Mather	ع	پاک کرنے والا
مطائر	Matair	ع	مل کر اڑانا
مطیر	Matir	ع	بارش کرنے والا' برسنے والا
مطعم	Mutem	ع	کھانے کی چیز' خوراک' غذا
مظفر	Muzaffar	ع	کامیاب' فتح مند' ظفریاب' ایک ولی اللہ حضرت شیخ مظفر بلخی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ وصال مبارک 788ھ میں ہوا۔
مظہر	Mazher	ع	ظاہر ہونے کی جگہ' آشکارا ہونے کی جگہ' عیاں ہونے کی جگہ
مظہر	Mazhir	ع	گواہ' شاہد' بیان کرنے والا
مظاہر	Mazahir	ع	گواہ' بیان کرنے والا
مظل	Muzil	ع	سایہ کرنے والا
مظل	Muzal	ع	سائبان' چھت
معین	Mueen	ع	مدد کرنے والا' مشہور ولی اللہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک اجمیر شریف بھارت میں ہے۔ مزار مبارک کی تعمیر سب سے پہلے خواجہ حسین ناگوری نے کرائی۔
معافر	Muafir	ع	ہمراہ چلنے والا' ساتھ چلنے والا
معارف	Muarif	ع	شناسا لوگ' جاننے والے لوگ' مشہور لوگ' نامور لوگ
معرض	Muariz	ع	اعتراض کرنے والا
معتضد	Mutazid	ع	مدد کا طلب گار' اعانت چاہنے والا' مدد مانگنے والا' امداد طلب کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ معتضد باللہ احمد۔ اس کا انتقال 8 ربیع الثانی 289ھ کو ہوا۔
معطی	Muati	ع	دینے والا' عطا کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک۔
معراج	Meraj	ع	زینے' سیڑھی

معاد	Muad	ع	آخرت' واپس جانے کی جگہ
معزز	Muazi::	ع	شریف' باوقعت' باعزت
معید	Mueed	ع	دہرانے والا' اعادہ کرنے والا
معتصم	Mutasim	ع	پناہ لینے والا' توکل کرنے والا' عباسی خلیفہ معتصم باللہ بن ہارون الرشید۔ 20 ربیع الاول 227ھ کو انتقال ہوا۔ اس کی نماز جنازہ اس کے بیٹے واثق باللہ عباسی نے پڑھائی۔
معبر	Muabir	ع	خواب کی تعبیر بتانے والا
معاذ	Muaz	ع	جائے پناہ' پناہ کی جگہ' حضور نبی کریم ﷺ کے جانثار صحابی حضرت معاذ بن جبل انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ چھتیس برس کی عمر میں وصال فرما گئے۔ آپ کو دریائے اردن کے کنارے مشہور شہر بیسان میں دفن کیا گیا۔
معمار	Memar	ع	تعمیر کرنے والا
معرف	Muarif	ع	اقرار کرنے والا' اعتراف کرنے والا
معمور	Mamoor	ع	بھرا ہوا' آباد
معوان	Muwaan	ع	مدد کرنے والا' معاون' مددگار
معصوم	Masoom	ع	پاک و صاف' مبرا' منزہ' بے گناہ' لاہور کے ایک ولی اللہ حضرت سید معصوم شاہ ولی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کا مزار مبارک مسجد حزب الاحناف کے اندر داتا دربار روڈ لاہور میں واقع ہے۔
معان	Muan	ع	عارضی چمک' منزل
معیذ	Mueez	ع	معاون' مددگار' مدد کرنے والا
معہود	Muhhood	ع	اقرار کیا ہوا' عہد کیا ہوا' وعدہ کیا ہوا' پرانا' قدیم
معشوق	Mashooq	ار	پیارا' محبوب' جس سے محبت کی جائے

معز	Muiz	ع	عزت دینے والا اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عہد کے ایک ولی اللہ حضرت حافظ میاں معزالدین سہروردی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ آپ کا مزار مبارک حضرت میاں وڈا رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی چار دیواری سے باہر لاہور میں واقع ہے۔
معظم	Muazzam	ع	بزرگ' بڑا' عظیم' شریف
معادل	Muadil	ع	انصاف کے ساتھ' عدل کے ساتھ
معاقل	Muaqil	ع	سرحدیں' قلعے
معالم	Mualim	ع	نشانیاں' علامات' عالم' دنیا' جہان
معانق	Muaniq	ع	بغلگیر ہونے والا' گلے ملنے والا
معتبر	Mutabir	ع	سچا' درست' ٹھیک' اعتماد والا' بھروسہ والا
معتد	Mutatid	ع	شمار کیا ہوا' گنا ہوا
معتمد	Mutamid	ع	جس پر اعتماد کیا جائے' ایک عباسی خلیفہ معتمد علی اللہ بن متوکل علی الدین معتصم باللہ بن ہارون الرشید۔
معروف	Maroof	ع	مشہور' ظاہر' عراق کے شہر بغداد شریف کے نزدیک قصبہ کرخ کے ایک مشہور ولی اللہ حضرت معروف کرخی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ
معتز	Mutiz	ع	گوشہ نشین' ایک عباسی خلیفہ معتز باللہ۔ محرم 251ھ میں خلیفہ بنایا گیا۔ ماہ رجب 255ھ کو معزول کر کے ایک تہہ خانہ میں بے آب و دانہ بند کر دیا گیا وہیں اس کا دم نکل گیا اور 8 شعبان 255ھ میں انتقال کر گیا۔
معیل	Maeel	ع	شیر' بھیڑیا
معوق	Maooq	ع	روکنے والا' منع کرنے والا
معنبر	Muanber	ع	خوشبودار
معصفر	Muaffer	ع	کسنبھ کی مانند ایک پھول

معیقب	Mueeqab	ع	حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیارے صحابی حضرت معیقب بن ابی فاطمہ دوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں مدینہ طیبہ میں بیت المال کے عامل مقرر کئے گئے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے آخری دور میں وصال فرما گئے۔
مغیر	Mugheer	ع	جلدی کرنے والا' عادت والا' عادی' خوگر
مغازی	Mughazi	ع	اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنے والوں کے اوصاف
مغرق	Mughriq	ع	چمکدار' روشن' منور
مغیث	Mughis	ع	فریاد رس
مغنی	Mughani	ع	بے نیاز کرنے والا' بے پرواہ کرنے والا
مغمد	Mughmed	ع	پنہاں۔ پوشیدہ۔ چھپایا ہوا۔ نیام میں رکھی ہوئی تلوار۔
مغیرہ	Mughira	ع	مشہور صحابی حضرت مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن شعبہ۔ آپ کا شمار کاتبان بارگاہ رسالت میں ہوتا ہے۔ آپ پاسبان بارگاہ رسالت بھی ہیں۔ 50ھ میں وصال فرمایا۔
مفتی	Mufti	ع	فتویٰ دینے والا' شرعی حاکم
مفضال	Mifzal	ع	بہت فضل والا' بہت کرم والا' بہت احسان کرنے والا
مفید	Mufid	ع	سودمند' فائدہ مند
مفیض	Mufiz	ع	فیض پہنچانے والا' فائدہ پہنچانے والا' سخاوت کرنے والا
مفتاح	Muftah	ع	چابی' کنجی' کلید
مفضل	Mufzal	ع	فضل کیا ہوا' کرم کیا ہوا' فوقیت دینے والا
مفکر	Mufakker	ع	دانا' غور و فکر کرنے والا' دانشمند
مفتخر	Muftakhir	ع	فخر کرنے والا' ناز کرنے والا
مفترع	Muftaraa	ع	نتیجہ' ثمر' نکلنے والا

مفخم	Mufkhan	ع	معزز' بزرگ' عظیم شخص
مفیق	Mufiq	ع	ہوشیار' زیرک' چالاک' ہوشمند
مفطن	Muften	ع	سمجھانے والا
مفرح	Mafreh	ع	خوشی کی جگہ
مُفروح	Mufreh	ع	مسرت دینے والا' خوشی دینے والا' فرحت دینے والا
مفلح	Mufleh	ع	کامیاب و کامران کرنے والا
مقسط	Muqset	ع	انصاف کرنے والا' عدل کرنے والا' اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
مقبل	Muqbel	ع	اللہ تعالیٰ کا حکم ماننے والا' صوفی بزرگ پیر وارث شاہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے بہت پہلے "ہیر رانجھا" تصنیف کرنے والے ایک مصنف کا نام۔
مقصود	Maqsood	ع	مطلب' مراد' غرض
مقتضا	Muqtaza	ع	جسے چاہا گیا' جس کو پسند کیا گیا
مقیت	Muqeet	ع	روزی عطا کرنے والا' روزی رساں
مقتدا	Muqtida	ع	رہنما' امام' پیشوا' رہبر
مقتدیٰ	Muqtadi	ع	اقتداء کرنے والا' اتباع کرنے والا' پیروی کرنے والا' ایک عباسی خلیفہ مقتدی بامر اللہ' 5 محرم 487ھ کو خلیفہ مقتدی کا انتقال ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس کو زہر دیا گیا تھا جس سے موت واقع ہو گئی۔
مقیت	Muqayyat	ف	تندرست' توانا' طاقتور' قوی
مقارب	Muqareb	ع	متوسط
مقیم	Muqim	ار	ٹھہرنا' قیام کرنا' رہنا' اترنا' بسنا
مقیم	Muqayyem	ع	ٹھہرنے والا' قیام کرنے والا' رہنے والا

مقوقس	Maqooqes	ع	مصر کے ایک حاکم کا نام جو حضور نبی کریم ﷺ پر ایمان لے آیا تھا۔
مقضی	Muqzi	ع	ارادہ کیا ہوا' تمام کیا ہوا
مقری	Muqari	ع	پڑھانے والا
مقرب	Muqarrab	ع	ہمراز' نزدیک بیٹھنے والا' مصاحب' خاص دوست
مقدور	Maqdoor	ع	تدبیر' بہادری' دلیری' سہارا' گنجائش' زور
مقدم	Muqadim	ع	دلیر' بہادر' جری' پیش قدمی کرنے والا
مقدم	Maqaddam	ع	بزرگ' بڑا' اونچا' بلند و بالا' ضروری' پہلا
مقدام	Miqdam	ع	دلیر' بہادر' شجاع' جری' دلاور
مقتنی	Muqtani	ع	سرمایہ دار' دولت مند' رئیس' امیر
مقتدر	Muqtadir	ع	طاقتور' قدرت رکھنے والا' زور آور' اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک۔ ایک عباسی خلیفہ مقتدر باللہ۔ 27 شوال بروز بدھ 320ھ کو قتل کر دیا گیا تھا۔
مقتعر	Muqtasir	ع	تھوڑے پر قناعت کرنے والا' تھوڑے پر صبر کرنے والا
مقتضی	Muqtazi	ع	خواہش مند' آرزو مند' چاہنے والا
مقتصد	Muqtasid	ع	میانہ رو' میانہ روی اختیار کرنے والا
مقبول	Maqbool	ع	قبول کیا گیا' پیارا' پسندیدہ' محبوب' مانا گیا
مقبس	Maqbas	ع	فائدہ اٹھانے والا' روشنی لینے والا' نفع لینے والا
مقتفی	Maqtazi	ع	ایک عباسی خلیفہ مقتفی الامر اللہ جو 12 ربیع الاول 489ھ کو پیدا ہوا۔ 12 ذوالحجہ 530ھ کو تخت خلافت پر بیٹھا۔ 2 ربیع الاول 555ھ کو 24 برس 4 مہینے خلافت کر کے انتقال کر گیا
مکرام	Mikram	ع	لوگوں کی عزت کرنے والا' احترام کرنے والا
مکی	Maki	ع	مکہ مکرمہ کا رہنے والا' خاندان غزنویہ کے آخری بادشاہ خسرو ملک تاج الدولہ غزنوی کے عہد کے ایک مشہور ولی اللہ حضرت سید عزیز الدین المعروف پیر مکی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ مزار مبارک لاہور میں واقع ہے۔

نام	Name	زبان	معنی
مکرم	Makram	ع	کرم، عنایت، فضل
مکاشف	Makashif	ع	بھید ظاہر کرنے والا، راز کھولنے والا، عیاں کرنے والا
مکیث	Makis	ع	صابر، صبر کرنے والا، سنجیدہ، قناعت کرنے والا
مکین	Makin	ف	رہنے والا، رہائشی، صاحب مکان
مکتوم	Maktoom	ع	پوشیدہ، چھپا ہوا، مخفی، پردے میں، ایک صحابی ابن مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، آپ کو حضور نبی کریم ﷺ نے غزوۂ احد پر جانے سے پہلے مدینہ طیبہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا تھا۔
مکشوف	Maksoof	ع	واضح، صاف، ظاہر کیا گیا۔
مکارم	Makarem	ع	نوازش، بزرگی
مکتسب	Muktaseb	ع	فائدہ اٹھانے والا، نفع اٹھانے والا، کمانے والا
